جبرائیلؑ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم — میکائیلؑ

۹۷۷۲	۹۷۸۴	۹۷۹۶	۹۷۴۴
۹۷۹۲	۹۷۴۸	۹۷۶۸	۹۷۸۸
۹۷۵۲	۹۸۰۴	۹۷۷۶	۹۷۶۴
۹۷۸۰	۹۷۶۰	۹۷۵۶	۹۸۰۰

اسرافیلؑ — عزرائیلؑ

ھو الشافی ھو الکافی ھو المعافی

بحق

۳۹۰۹۶-۳۹۰۹۶-۳۹۰۹۶

سرخاب عملیات، دلائل رزق، گنج فراواں، خزینہ اعمال، اوراق رزق، رزق کثیر جیسی نایاب کتب سے انتخاب کردہ

از افادات:

مولانا حامد لکھنوی۔ علامہ شاد امرتسری۔ مولانا عبداللہ دہلوی۔ علامہ نواز گردیزی۔ مولانا جمیل جالندھری

فہرست

☆☆☆

کشائش رزق کے لئے

جس کسی کو تنگ دستی درپیش ہو اور اس کا حل نظر نہ آتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کے مہینہ کے شروع میں کوئی ایک وقت مقرر کریں اور سورہ فاتحہ شریف کو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ اور درمیان میں سات مرتبہ سورہ فاتحہ شریف پڑھے۔

جب ساٹھ بار پڑھ چکے تو اس کے بعد پچاس مرتبہ درود پاک ابراہیمی پڑھے اس طریق سے چاروں رکعتیں پوری کرے پھر صمیم قلب سے انتہائی توجہ اور عاجزی کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں گڑگڑا کر دعا مانگیں۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد مقصد براری حاصل ہو گی اور کبھی مایوسی نہ ہو گی۔ تاحصول مقصد اس عمل کو جاری رکھے۔(سرخاب عملیات)

ایک اکسیر عمل

جس کسی کو تنگ دستی درپیش ہو جس کی وجہ سے سخت ترین پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو اور اس مشکل کے حل کی کوئی تدبیر نظر نہ آتی ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔ اس مقصد کے لئے کئی آدمی طاق تعداد میں مل کر باوضو حالت میں ایک ہی نشست میں ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ پھر انتہائی خلوص سے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں انشاء اللہ العزیز اس عمل سے ہر مشکل خزانہ غیب سے رب تعالیٰ حل فرما دے گا۔

اس عمل کا بہترین وقت بعد از نماز عشاء یا بعد از نماز فجر ہے۔(سرخاب عملیات)

فراخی رزق (۱)

جس کسی کو حاجت رزق درپیش ہو اور اس کے پورا ہونے کی تدبیر سمجھ سے باہر ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر تیں مرتبہ سورہ فاتحہ

شریف اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ نماز ظہر کے بعد پچیس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ نماز عصر کے بعد بیس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ نماز مغرب کے بعد پندرہ مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء سورہ فاتحہ دس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اس طریق سے سو مرتبہ روزانہ سورہ فاتحہ شریف پڑھے اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ کیسی بھی مشکل ہو گی بہت جلد حل ہو جائے گی۔ تا حصول مقصد عمل جاری رکھیں۔ (سرخاب عملیات)

(۲)

ہر طرح کی حاجت رزق کے لئے ذیل کا عمل مفید اور کارآمد ہے اس مقصد کے لئے چاند کے مہینہ کے شروع میں جمعرات یا جمعہ کو اس عمل کو بہ طریق ذیل شروع کرے۔ کہ یہ عمل ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک پڑھتا رہے۔

اس عمل کے لئے ہر قسم کا پرہیز ترک جمالی و جلالی اختیار کرے اور خلوت میں بعد از نماز فجر سورہ فاتحہ شریف بمعہ بسم

اللہ شریف و آمین کے ایک ہزار مرتبہ معہ اول آخر درود پاک گیارہ گیارہ بار پڑھے اگر اس قدر تعداد نہ پڑھ سکتا ہو تو تین سو تیرہ بار لازما" پڑھا کرے۔ چالیس دن کے بلا ناغہ عمل کی بدولت وہ حاجت خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے پوری ہو جائے گی اور بے سکونی ختم ہو جائے گی۔(سرخاب عملیات)

طلب بخشش و رزق

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے گناہوں کی بخشش باری تعالٰی فرما دے۔ اس کا رزق وسیع فرما دے اس کی باز پرس روز محشر نہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز جس قدر بھی کثرت سے سورہ فاتحہ شریف بمعہ درود پاک اول و آخر پڑھ سکے پڑھ کر اللہ تعالٰی کے حضور دست بدعا رہے انشاء اللہ اس عمل کی روزانہ مداومت سے اللہ تعالٰی اپنا فضل و کرم فرماتے ہوئے اس کے گناہوں کی بخشش فرما دے گا اور محشر میں بھی باز پرس سے بچ جائے گا۔(سرخاب عملیات)

کمی رزق کا حل

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر تازہ پانی پر اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو استعمال کریں اس کے ساتھ ہی بعد از ہر نماز اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر بھی دم کیا کرے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت رزق کی پریشانی ختم ہو جائے گی اور اس کی مسلسل مداومت سے کبھی بھی کوئی پریشانی لاحق نہیں ہو گی۔(سرخاب عملیات)

حاجت روائی رزق

اس مقصد کے لئے بعد از نماز مغرب قبلہ رخ بیٹھ کر چالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا مانگے۔

اے اللہ! تیرا علم کافی ہے۔ اس امر سے کہ سوال کیا جائے تجھ سے سورہ فاتحہ کی حرمت سے کہ میرے سوال کرنے کی ضرورت باقی نہ رکھ اور تیرا کرم کافی ہے اس امر سے کہ گفتگو کی

جائے سورہ فاتحہ کی حرمت سے۔ گفتگو سے مجھے عزت بخش اور میری مراد عطا فرما۔ انشاء اللہ بفضل ایزدی حاجت پوری ہو گی۔

مقصود حاصل ہونے تک بلا ناغہ یہ عمل جاری رکھیں۔(سرخاب عملیات)

عطائے رزق

اس مقصد کے لئے فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اس طریق سے پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی میم الحمد کی لام سے مل کر یعنی مل حمد پڑھی جائے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اپنے مقصود کے لئے اللہ رب العزت کے آگے دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے مطلوبہ پریشانی ختم ہو جائے گی۔(سرخاب عملیات)

وسعت رزق کے لئے

روزی میں خیر و برکت اور اضافے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند رات کو بعد از نماز مغرب اور عشاء کی نماز سے پہلے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ

سورہ فاتحہ مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر چالیس بار دعائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام قرآن شریف سے دیکھ کر پڑھے۔ پھر سو مرتبہ اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اور رزق میں بے حد فراوانی ہو جائے گی اور کمی رزق کی شکایت دور ہو جائے گی۔ (سرخاب عملیات)

دکان میں خیر و برکت

دکان میں رزق میں خیر و برکت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دکان کھولتے وقت باوضو حالت میں سورہ فاتحہ کی تلاوت کرے گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ معہ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ اس عمل کی مداومت سے دکان میں گاہکوں کی رونق خوب بڑھے گی اور بکری میں بہت زیادہ اضافہ ہو جائے گا۔ اس عمل کی برکات قائم رکھنے کے لئے روزانہ اس کی مداومت کرنا ضروری ہے۔ (سرخاب عملیات)

نماز حاجت رزق

ہر قسم کی جائز حاجت روائی کے لئے ذیل کی نماز حاجت بے حد فائدہ مند ہے۔ یہ نماز حضرت مقاتل رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔

طریق اس کا یہ ہے کہ بہ نیت حاجت روائی رات کو تنہائی میں چار رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ اور پھر سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد از سلام پھیرنے کے اپنا دایاں رخسار زمین پر رکھے اور اکتالیس مرتبہ یا حیّ یا قیوم پڑھے پھر اپنا بایاں رخسار زمین پر رکھے اور اکتالیس مرتبہ یا حیّ یا قیوم پڑھ کر اپنی پیشانی زمین پر ٹکائے اور جس مقصد کے لئے نماز ادا کی ہے اس مقصد کے لئے رو رو کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ دعا قبول ہو گی اور وہ مقصد حل ہو جائے گا۔ پریشانی سے نجات مل جائے گی۔ (سرخاب عملیات)

مفلسی کا خاتمہ

اگر کوئی غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو اور اس وجہ سے حد سے زیادہ مفلس ہو گیا ہو تو ذیل کا عمل بے حد

نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر سورہ فاتحہ ستر مرتبہ اول و آخر درود شریف غوثیہ گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد غربت' تنگدستی اور مفلسی دور ہو جائے گی۔ مفلسی سے مکمل نجات کے لئے یہ عمل اکتالیس روز تک کرنا لازم ہے۔(سرخاب عملیات)

تحفہ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ

حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے ہر مشکل کے لئے سورہ فاتحہ کے اس عمل کی عام اجازت عطا فرمائی ہے۔

اس مقصد کے لئے فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اس طریق سے پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی میم الحمد کی لام سے مل کر مل حمد پڑھے جائیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔

پھر نماز فجر کے فرض ادا کر کے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ننانوے اسماء حسنیٰ کا ذکر خلوص دل سے اکیس مرتبہ کرے اور اس کے بعد اسم حسنیٰ الٰہی یا وہاب کو پڑھے اور پھر اپنے مقصد کے

حصول کے لئے گڑگڑا کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد حاجت بر آوے گی۔ تاحصول مقصد اس عمل کی مداومت جاری رکھے۔(سرخاب عملیات)

فراخی کے لئے

اس مقصد کے لئے چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو بعد از سنت نماز فجر پہلے روز سورہ فاتحہ کو ستر مرتبہ بسم اللہ شریف کی میم کو الحمد کی لام یعنی مل حمد کے ساتھ پڑھے۔ اس کے بعد درود پاک چشتیہ سو مرتبہ پڑھے پھر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ دوسرے دن یہی عمل ساٹھ بار سورہ فاتحہ کے ساتھ۔ تیسرے دن یہی عمل پچاس بار سورہ فاتحہ کے ساتھ چوتھے دن یہی عمل چالیس بار سورہ فاتحہ کے ساتھ پانچویں دن یہی عمل تیس بار سورہ فاتحہ کے ساتھ۔ چھٹے دن یہی عمل بیس بار سورہ فاتحہ کے ساتھ اور ساتویں دن یہی عمل دس بار سورہ فاتحہ کے ساتھ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصود کے لئے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔

اول تو سات یوم کے عمل سے ہی حاجت بر آئے گی اور اگر کوئی بہت ہی سخت قسم کا معاملہ ہو تو اس کو مسلسل سات ہفتے تک

جاری رکھیں انشاء اللہ وہ حاجت اللہ رب العزت بر لائے گا۔(سرخاب عملیات)

کشائش رزق کے لئے

رزق میں خیر و برکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلا ناغہ بعد نماز فجر سورہ فاتحہ تین مرتبہ اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور بہ صمیم قلب دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا بندوبست ہو گا اور اس کو معلوم بھی نہ ہو گا کہ میرے رزق میں روز افزوں ترقی کیسے ہو رہی ہے۔ اس عمل کی بدولت رزق میں کبھی بھی کمی نہ آئے گی۔(سرخاب عملیات)

رزق میں فراخی کا عمل

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے تنگدستی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور ہر جگہ اسے باعزت نگاہوں سے دیکھا جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد سورہ فاتحہ اکیس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر

ہاتھوں پر دم کر کے اپنے سر پر پھیرے اور دل کے مقام پر پھونک لگائے اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی ہمیشہ مداومت سے دینی و دنیاوی' ظاہری و باطنی فراخی حاصل کرے گا اور ہر جگہ عزت و احترام پائے گا۔(سرخاب عملیات)

رزق میں برکت

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا کاروبار چمکے اور اس میں برکت پیدا ہو جائے تو ایسے میں وہ ذیل کا عمل ہمیشہ کے لئے اختیار کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت کاروبار میں کبھی مندا نہیں آئے گا۔ بلکہ روز افزوں ترقی ہو گی۔

اس مقصد کے لئے ہر روز ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ سورہ فاتحہ اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کرے۔(سرخاب عملیات)

ترقی کاروبار

کاروبار کی ترقی کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دکان کھولنے سے پہلے یا اللہ یا رحمٰن

گیارہ مرتبہ، سورہ فاتحہ تین مرتبہ سورہ اخلاص تین مرتبہ۔ یا فتاح یا رزاق گیارہ مرتبہ پڑھ کر دکان کا تالا کھولے اور پھر دکان میں قدم رکھے انشاء اللہ اس عمل سے خوب بکری ہو گی۔ (سرخاب عملیات)

رزق طلبی

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو نصف شب کو اٹھ کر آٹھ رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورہ مزمل ایک مرتبہ سات مرتبہ اور سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر نماز سے فارغ ہوں اس کے بعد اول و آخر درود شریف مقدس سات سات مرتبہ اور ایک سو ایک مرتبہ یوں دعا خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ کے حضور مانگے۔

اے اللہ! میں تیری واحدانیت اور صمدیت کو جان کر تیرے میدان میں نکل آیا ہوں۔ میری احتیاج پوری کرنے پر تیرے سوا کوئی قادر نہیں ہے۔ اے رب تیری نعمتوں نے جب مجھے میری غلطیوں کی بناء پر پیٹھ دکھائی تو میری احتیاج شدید ہو گئی اور مجھے غم نے آن گھیرا (یہاں اپنی حاجت کا نام لے) اور تو ہی اس کو دفع

کرنا جانتا ہے۔ اے میرے اللہ! اپنے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل کے طفیل میری حاجت کو پورا کر دے اور میری مشکل کو آسان فرما دے اور میرے لئے کفایت عطا فرما۔ میں تیری رضا اور قدرت پر شاکر ہوں اور تیرے حضور ملتجی ہوں میرے حال پر رحم فرما، رحم فرما، رحم فرما بحق محمد رسول اللہ ﷺ آمین۔

یہ عمل تا مقصود حاجت اتنے دن روزانہ جاری رکھے۔ انشاء اللہ بہت جلد حاجت بر آئے گی اور اس مصیبت، مشکل سے نجات مل جائے گی۔

ایک اور عمل یوں ہے کہ اس مقصد کے لئے نصف شب کو اٹھ کر دو رکعت نماز نفل اس طریقے سے پڑھے کہ اول رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پانچ صد مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص، سورہ حشر کی آخری آیات، سورہ حدید کی چھ آیات شروع کی پڑھ کر قیام میں ایک ہزار مرتبہ یا رزاق پڑھیں۔ پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔

پھر سجدہ سے سر اٹھا کر کثرت سے درود شریف پڑھ کر اکیس مرتبہ اے ہونے والے ہر چیز سے پہلے اور اے پیدا کرنے والے

ہر چیز کے اور اے ہونے والے ہر چیز کے بعد۔ میرا یہ کام کر دے یہاں کام کا نام لے اور آمین پڑھ کر اپنے چہرہ پر ہاتھ پھیر لے۔ انشاء اللہ تین سے سات یوم کے مسلسل بلا ناغہ عمل سے وہ حاجت پوری ہو جائے گی۔(سرخاب عملیات)

دافع فقر

اس مقصد کے لئے بدھ' جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھیں۔ جمعہ کی صبح کو بعد از طلوع آفتاب اپنے گھر کی اونچی جگہ پر پاک و صاف جگہ کر کے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھو کہ پہلی رکعت میں سات مرتبہ سورہ فاتحہ اور سات مرتبہ سورہ قدر پڑھے۔ دوسری رکعت میں سات مرتبہ سورہ فاتحہ اور سات مرتبہ سورہ العصر پڑھے۔ اس کے بعد گھٹنوں کے سہارے قبلہ رخ بیٹھ کر اپنا سیدھا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھیں اور یہ دعا ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر سجدہ کی کوئی آیت پڑھیں اور سجدہ میں تسبیح سجدہ سو مرتبہ پڑھیں۔ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دعا تین مرتبہ مانگ کر آمین کہے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ہفتہ کی صبح روز روشن کی طرح ہو گی اور کشادگی رزق شروع ہو جائے گا۔(دلائل رزق)

استجاب رزق

اس مقصد کے لئے کسی مقررہ وقت پر اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سات مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین تین مرتبہ سورہ قدر اور سورہ اذا زلزلت پڑھیں۔ بعد از سلام پھیرنے کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور اکیس مرتبہ دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل سے چند یوم کے اندر اندر دست غیب سے رزق کا بندوبست ہو جائے گا اگر اس عمل کی باقاعدگی اختیار کرے تو کبھی بھی تنگی رزق کی شکایت نہ ہو۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کفایت کے لئے

اگر کوئی بھی مشکل یا حاجت درپیش ہو اور حل ہوتی نظر نہ آتی ہو تو ایسے کفایت الہی کے لئے مندرجہ ذیل عمل کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ مشکل یا حاجت بہ فضل ایزدی پوری ہو جائے گی۔

اس مقصد کے لئے جمعہ کی رات کو نصف شب کے بعد اٹھ کر غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے۔ پھر دو رکعت نماز نفل اس

طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ سو مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد رکوع و سجود میں تسبیحات، سات سات مرتبہ پڑھے۔ پھر نماز ختم کر کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر یوں دعا مانگے۔ یہ دعا تین مرتبہ مانگنی ہے۔ انشاء اللہ العزیز اس عمل سے مقصود میں کامیابی حاصل ہو گی۔ دعا یہ ہے۔

الہی! اگر میں نے تیری اطاعت کی ہے تو تعریف صرف تیرے ہی لئے ہے اور اگر میں نے تیری نافرمانی کی ہے تو میرے خلاف حجت تیرے ہاتھ میں ہے تجھ ہی سے راحت ہے اور تجھ ہی سے کشادگی و آسائش پاک ہے وہ ذات جو انعام کرتی ہے اور نیک اعمال کی قدردان ہے پاک ہے وہ ذات جو فیصلہ کرتی ہے اور معاف کرتی ہے۔ الہی اگر میں نے تیری نافرمانی کی ہے تو میں نے تیری سب سے زیادہ محبوب شے میں اطاعت بھی کی ہے اور وہ یہ ہے کہ میں تجھ پر ایمان لایا نہ تیرا کوئی بیٹا ٹھہرایا اور نہ کوئی شریک نہ تیرا مجھ پر احسان ہے تجھ پر میرا احسان نہیں اور میں نے تیری نافرمانی مکابرہ کے طور پر یا تیری عبودیت سے خارج ہونے یا تیری ربوبیت سے انکار کی وجہ سے نہیں کی لیکن ہوا یہ کہ میں نے اپنی خواہش نفس کی اطاعت کی اور شیطان نے مجھے گمراہ کر دیا۔ مجھ پر

تیری محبت قائم ہے اگر تو مجھے عذاب دے تو یہ میرے گناہ کی وجہ سے ہو گا اور تو ظالم نہ ہو گا اور اگر تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرمائے تو بے شک تو جواد ہے کریم ہے۔ اے کریم' اے کریم (یہ دعا کثرت سے پڑھے) اس کے بعد پڑھے۔

ہر شے سے امن دینے والے اور ہر شے تجھ سے خائف ہے تیرے امن کے وسیلے سے میں سوال کرتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور میری ذات کے لئے میرے اہل و عیال کے لئے اور ان تمام کے لئے بھی جو تو نے مجھے انعام کئے ہیں امان عطا فرما یہاں تک کہ میں نہ کسی چیز سے ڈروں اور نہ خوف کروں تو ہر شے پر قادر ہے اور ہمارے لئے اللہ کافی ہے جو بہترین کارساز ہے اے اللہ جس نے ابراہیمؑ کو نمرود سے بچایا اور موسیٰؑ کو فرعون سے۔ سوال کرتا ہوں کہ تو ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے ہر شے سے امن عطا فرما اور میری کفایت فرما۔ آمین۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کشائش رزق

تنگی رزق ختم ہو جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز جمعہ ایک سفید کاغذ پر اکیس مرتبہ کلمہ طیبہ اور اس کے آگے محمد رسول اللہ لکھے اور اس نقش پر یہی الفاظ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھے۔ اس کلمہ کی بدولت اس کی روزی میں تنگی ختم ہو جائے گی اور پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے روزی میں فراخی کا بندوبست فرما دیں گے اس کے علاوہ وہ شر شیطان سے بھی محفوظ ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ سے اپنے حفظ و امان میں رکھیں گے۔ (دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

مالی پریشانی کا حل

مالی پریشانیوں میں مبتلا حضرات کے لئے ذیل کا عمل مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز فجر اور نماز عشاء مندرجہ ذیل کلمات کا سجدے میں گر کر کثرت سے ورد کریں اور اس کے بعد اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد

رزق میں روزانہ افزوں ترقی شروع ہو جائے گی اور مالی پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

یا اللہ یا رزاق (سات مرتبہ) بحق

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

رزق کے لئے

رزق کی کمی کو دور کرنے کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر کثرت سے کلمہ طیبہ کا ورد کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگنے سے بہت جلد رزق میں روز افزوں ترقی ہو جاتی ہے اور پردہ غیب سے رزق کے اسباب اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے پیدا فرما دیتے ہیں۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

برکت طعام شادی و دعوت

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی شادی یا کسی بڑی دعوت طعام میں کمی نہ آ جائے اور اس سے اس کی عزت پر حرف نہ آئے تو ذیل کا عمل طعام میں برکت کے لئے نہایت نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے تھوڑا سا نمک لے کر اس پر کلمات ذیل اکتالیس مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کر لیں اور اس نمک کو کھانے والی دیگوں میں ڈال دیں انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے طعام میں بے حد برکت پیدا ہو جائے گی اور تمام مہمانوں کو کھلانے کے بعد بھی طعام بچ جائے گا۔ مگر یہ بات مخفی رکھیں۔ کسی کے سامنے افشا نہ کریں۔ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الہ الا اللہ یا غنی یا ھادی یا رزاق لا الہ الا اللہ الکریم الواسع الوھاب ذوالطول لا الہ الا اللہ الجواد بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ وسلم تسلیما

طعام سے فارغ ہو کر حسب توفیق خیرات فقراء میں تقسیم کر دیں۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کشادگی رزق کے لئے

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی روزی میں کشادگی پیدا ہو اور اس کی دکان پر گاہک زیادہ آئیں تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے کسی سفید کاغذ پر گیارہ مرتبہ کلمہ طیبہ خوشخط کر کے لکھے اور اس پر ایک سو ایک مرتبہ کلمہ طیبہ بمعہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اپنی دوکان میں ایسی جگہ چسپاں کریں کہ ہر ایک کی نگاہ اس پر پڑے۔ وقتاً" فوقتاً" اس پر خوشبو بھی لگاتا رہے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کی دکان کی بکری بے حد بڑھ جائے گی اور اس کی روزی میں بہ فضلہ بے انتہا کشادگی پیدا ہو جائے گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

اضافہ رزق کے لئے

اضافہ رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے کلمات بعد از ہر نماز ایک سو مرتبہ اور بعد از نماز عشاء تین سو مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل کے بعد رزق میں اضافہ شروع ہو جائے گا اور دن بدن ترقی ہوتی جائے گی بے حد مجرب ہے۔ کلمات یہ

ہیں۔

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم
بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

تنگدستی دور

تنگ دستی دور کرنے کے لئے ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء اور فجر تین سو مرتبہ کلمات ذیل پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگیں۔ بہت جلد بہ فضل ایزدی تنگدستی فراخ دستی میں بدل جائے گی۔ کلمات یہ ہیں۔

یا باسط یا منعم بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

رزق میں اضافہ

رزق میں اضافہ کے لئے ذیل کا عمل نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے کلمات بعد از ہر نماز ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر سجدے میں جا کر اللہ رب العزت سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت رزق میں بہت جلد اضافہ شروع ہو جائے گا۔ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا فتاح یا رزاق (گیارہ مرتبہ)
بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

رزق کے لئے

رزق کے حصول کے لئے پریشان لوگوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر اکیس مرتبہ کلمہ شریف اور گیارہ مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھ کر اللہ کے حضور ملتجی ہوں۔ انشاء اللہ اس عمل سے رزق میں ترقی ہو جائے گی اور پریشانی دور ہو جائے گی۔ کلمات یہ ہیں۔

لاَ الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ انک ذو فضل عظیم صلی اللہ علیٰ محمد و علیٰ آل محمد

افلاس کی دوری کے لئے

جو شخص افلاس میں مبتلا ہو اور اس سے نجات نہ پاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ، کلمہ طیبہ گیارہ مرتبہ اور تین سو مرتبہ یا

رزاق پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کرے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد افلاس سے نجات پا جائے گا۔

دوسرا طریقہ عمل یہ ہے کہ رات کو بوقت تہجد اٹھ کر تازہ غسل کے ساتھ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس عمل کو اس طرح شروع کرے کہ اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ کلمہ طیبہ ایک ہزار مرتبہ اور ایک ہزار مرتبہ کلمات بالا پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ چند یوم میں فقرو فاقہ اور افلاس سے چھٹکارا پا جائے گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

نماز الرزق

رزق کی تنگی اور قرض کی ادائیگی کے لئے ذیل کے طریقے سے نماز و دعا کا عمل بے حد نافع اور کارگر و سریع الاثر ہے اور اس سے رزق میں فراخی اور قرض کی ادائیگی کا بندوبست اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے فرما دیں گے۔

اس مقصد کے لئے اچھی طرح تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل خشوع و خصوع سے ادا کر کے اس جگہ بیٹھ کر اول و آخر

درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور کلمہ طیبہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کشائش رزق کے لئے

کشائش رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور تین صد تیرہ مرتبہ لا الہ الا اللہ بسم اللہ و باللہ سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم و بحق محمد رسول اللہ پڑھ کر دعا مانگا کرے۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

افلاس سے نجات

تنگی' فقر، فاقہ اور افلاس کے خاتمے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از مغرب اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ' کلمہ طیبہ سو مرتبہ اور دعائے گنج العرش ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں اور فقراء میں حسب توفیق خیرات بھی تقسیم کریں۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد غربت و افلاس کا

خاتمہ ہو کر تونگری حاصل ہو جائے گی۔ اس عمل کی ہیشگی انسان کو دولتمند بنا دیتی ہے اور فقر و فاقہ کبھی بھی پاس نہیں آتا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

تونگری کا عمل

تونگری کے خواہش مند حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ اکیس یوم تک نصف شب کو اٹھ کر تازہ غسل و وضو کے ساتھ دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ مزمل اور گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر سلام پھیرے پھر کلمہ طیبہ پانچ صد مرتبہ اور دعائے گنج العرش اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور خشوع و خضوع کے ساتھ دعا مانگیں۔ اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے تونگری بہ فضل تعالیٰ حاصل ہو جائے گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

مفلسی سے نجات

جو شخص گھر کی بے برکتی اور خیر و برکت سے محروم ہو گیا ہو تو ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس لئے اسے روزانہ بعد از نماز فجر آیت الکرسی کی مداومت کثرت سے کرنی چاہیے اس عمل کی بدولت گھر سے مفلسی بھاگ جائے گی اور بے برکتی بھی ختم ہو کر خوشحالی در آئے گی۔ حضور رسول اللہ ﷺ نے یہ طریقہ ایک صحابی رسول ﷺ کو بتایا تھا۔ اس نے اس پر عمل کیا اور دنوں میں غربت سے امارت میں آگیا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

تنگ دستی سے نجات

بقول خواجہ معین الہند چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت آیت الکرسی پڑھے گا اس کے گھر سے تنگ دستی ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی۔

یہ عمل باقاعدگی سے عمر بھر جاری رکھنے والا کبھی بھی دنیا میں غریب نہ ہو گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

بے مثال نسخہ طلب رزق

جو شخص رزق کی حاجت رکھتا ہو اور پوری نہ ہوتی ہو تو

ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعہ کی رات کو مغرب کی نماز کے نوافل کے آخری سجدے میں سو بار یہ دعا پڑھے انشاء اللہ اس کی حاجت غیب سے بفضل باری تعالیٰ پوری ہو گی۔ دعا یہ ہے۔

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حی یا قیوم برحمتک استغیث بحق (یہاں آیت الکرسی پڑھے۔)

حاجت خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو اور اس کے پورا ہونے کی کوئی سبیل ظاہرا نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے عشاء کی نماز کے وتروں سے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ قل شریف اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر سلام پھیرے اور بعد ازاں پیروں کے بل اکڑوں اس طرح بیٹھے کہ جسم پوری طرح اوپر اٹھا ہوا ہو پھر آنکھیں بند کر کے استغفر اللہ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کی دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ حاجت غیب سے بر آئے گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

برائے نجات تنگ دستی

جو شخص کسی بھی وجہ سے انتہائی مفلس رہتا ہو یا شہر میں بدامنی کی وجہ سے اسے کسی بھی پل چین نہ آتا ہو اور وہ سکون کا متلاشی ہو تو ایسے میں اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور قابل نجات ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ' سورہ اخلاص ایک مرتبہ اور آیت الکرسی سات بار پڑھ کر ذیل کی دعا اللہ سے مانگے اور ساتھ ہی قبلہ رخ بیٹھ کر آیت الکرسی کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر اکیس مرتبہ آیت الکرسی کا اس پر دم کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بدامنی اور خوف سے مکمل محفوظ و مامون رہے گا اور دل کو امن و سکون مل جائے گا۔ دعا یہ ہے۔

اے اللہ تو بے شک وہ بادشاہ حق ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو واحد اور فرد قدیم حفیظ' صمد' زندہ اور قائم بادشاہ ہے جو فضل کرنے والا ہے قائم ہے ہر چیز کے ساتھ برتر و

بزرگ ہے مجھے اپنی ہیبت جلال دے جس سے مضرتیں زائل ہوں اور آسانیاں حاصل ہوں اور وہ راز عطا کر دے جس سے آدم تجھ کو پکارتے تھے اور تو نے اپنے تمام نام ان کو سکھائے تھے اے اللہ اپنی ایسی نعمتیں مجھے دے دے جو میرے اور دشمنوں کے درمیان حائل ہوں۔

تو آقا ہے اور میں بندوں میں سے ہوں تو مولیٰ ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور یہ تیرے لئے ہی خاص ہے اے اللہ جس کو نیند ہے نہ اونگھ' سوال کرتا ہوں مجھ کو پاک زندگی دے کبھی کوئی برائی نہ ہو۔ اے قیوم اے وہ ذات جس کے قہر کے ساتھ کل عالم قائم ہے اب میں موجود تیرے سامنے خوف زدہ' حیا کی چادر اوڑھے' امید کا مسیح ڈالے' اوندھا ہو گیا ہوں برائیوں میں اور اندھا ہوں۔ بے شک تو نے کہہ دیا ہے اور قول تیرا سچا ہے کہ دعا کرو مجھ سے میں قبول کروں گا اور میں تجھے طلب کرتا ہوں' مجھ پر ہے کہ تو ہی نکالے گا مجھ کو اس حالت سے جس میں کہ میں ہوں۔ تیری قبولیت کا طالب' جسے اخلاص سے کہہ رہا ہوں کہ اے قاہر تیری قبولیت اس پر کرے جو مجھ پر قہر کرنا چاہے اور اس کے قہر کے تصرف کو روک دے۔

مجھ پر تیرا احسان ہو گا اے وہ ذات کہ نہیں آتی ہے تجھ کو نیند نہ اونگھ۔ جو میرے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اس کو مجھ سے روک دے اور اس کی نیند اور اونگھ کو روک دے زمین کی کشادگی کے باوجود اس پر تنگی کو اور اس کی خوشی کو رنج سے بدل دے بلکہ ضرر ہو جس کو یہ تکلیف دے اور میرے برے کاموں میں اس کو مشغول کر کیونکہ تجھ پر کوئی بات پوشیدہ یا ڈھکی چھپی نہیں ہے اے اللہ' اے مالک زمین و آسمان مع ان چیزوں کے جو ان میں ہیں اے اللہ تو مجھ کو میرے دشمنوں کی یا اس کی جو مجھ کو نقصان پہنچائے ملک نہ بنا میں تیرا ضعیف بندہ مظلوم اور فقیر ہوں مجھے اپنی نعمتیں اپنے ولیوں کی بساط' قدس و انس کے ساتھ دے دے۔ اے وہ ذات کہ تیرے حکم کے بغیر تیرے حضور میں شفاعت نہیں کرا سکتا ہے۔ میں اس وحی کے واسطہ شفاعت کا امیدوار ہوں جو انبیائے علیہ السلام پر نازل ہوتی ہے اور تیری بہترین خلقت کے طفیل تو پناہ دے مجھ کو کل مکروہات و آفات و مضرات سے۔ سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ مدد دے مجھ کو جس نے مجھ پر ظلم کیا ہے اور ہزیمت دے اس کو جو مقابلہ کرے اور قہر نازل کر اس پر جو میرے سامنے آئے اور ترک مدد کر

میرے دشمنوں کی اور منتشر کر دے ان کو وہ جمع ہوں اور لعنت و فضیحت کر ان کو جہاں جدا ہوں اور ٹکڑے کر کے ان کو فنا کر دے جہاں وہ ملیں۔ اندھیرے میں ان کو پریشان کر' ہر نکتہ ذلت میں ان کو ڈال اور ان کو عذاب دے۔ پوشیدہ و ظاہر قائم نہ ہوں اور فائدہ حاصل نہ کریں عزت و فخر اور طاقت نہ رکھیں مدد و صبر نصیب نہ ہو اور ان پر عذاب نازل کر تو ان کو آگے اور پیچھے سے جانتا ہے اے جاننے والے پوشیدگی اور اے بخشنے والے لغزشوں کے اور اے رحم کرنے والے مجھ پر رحم کر اور بخش دے مجھ کو اور پردہ پوشی کر میری اور مدد کر میری' میرے دشمنوں پر جیسی مدد کی تو نے اپنے نبیوں کی ان کے دشمنوں پر۔ ان کے دلوں پر قبضہ کر تاکہ سمجھ نہ سکیں اور بہرا ان کو تاکہ نہ سنیں اور مٹا دے ان کو آنکھوں سے تاکہ وہ دیکھ نہ سکیں اور مہر لگا دے ان کے منہ پر تاکہ بول نہ سکیں اور مسخ کر دے ان کو ان کی جگہ پر تاکہ طاقت نہ رکھیں روشنی کی اور اپنے اہل کی طرف لوٹ نہ سکیں بے شک تو جبار و متکبر' قابض و ناصر ہے اور قوی غالب' قہار' رافع' مذل' منتقم' مہلک' موخر' مانع' قابض خافض ضرر رساں' مہلک اور ذوالجلال والاکرام ہے۔

اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اسم اعظم و نبی بزرگ و مکرم اور بحق اس آیت شریفہ اور اس حنیف کے کہ حفاظت کر میری' میرے آگے پیچھے سے اور میرے اوپر پہنچنے سے اور میرے بائیں دائیں سے مجھے اپنے احاطہ میں لے لے اور ان کا کوئی احاطہ نہیں ہے وہ جس نے احاطہ کیا ہے ہر چیز کا از روئے علم شمار اور اعداد کے مانگتا ہوں میں احاطہ ساتھ ان چیزوں کے جو دونوں انگلیوں میں ہے اور نکلنا دونوں علتوں سے بشمول اعتدالات جو جذب کیا گیا ہے۔ الطاف عنایات کے مطابق الطاف رعایات کے ساتھ جامع انوار ہدایت تمام عوائد اور کثیر فوائد کے اور حصول زوائد کے منغمس ہیں تیرے دربار رحمت میں منسوب ہیں میدان حضوری میں متصرف' جانب وفاء معرفت تاج کرامت پوشیدہ اور اخلاق علامت سے آراستہ' سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے وہ ذات جس کی کرسی آسمان و زمین کو گھیرے ہوئے ہے اے وہ ذات کہ وسیع ہے تیری قدرت تیری شیت پر' وسیع کر میرا رزق اور مجھ سے غم و اندوہ دور کر دے اپنے فضل و کرم سے میرے گناہ بخش دے اور داخل کر مجھ کو امداد اسم اعظم میں اور اس کی حفاظت ماندہ نہیں کرتی ہے تو بزرگ و برتر ہے۔

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ' اے زندہ' اے قائم بحق اس آیت شریف اور اسمائے بلند کر کے کہ میری مدد کر اس کے مقابلہ میں جس نے مجھ پر ظلم کیا ہے اور قہر کر اس پر جس نے مجھ پر قہر کیا ہے نیز جس نے جو میرے ساتھ مکر' بے وفائی اور برائی کا ارادہ کیا ہے اور تیری گرفت متحد ہے ہر جبار پر سرکش اور شیطان مردود پر جس نے بغاوت کی بندوں پر اور سرکشی کی شہروں میں اور کوشش کی فساد کی' تیرا قہر جلد ان پر نازل ہوتا ہے تجھ سے فریاد کرتا ہوں اے اللہ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بحق اس آیت شریفہ اور اسماء بلند کے کہ مجھ پر نظر رحمت کر اور مجھے اپنے نیک بندوں میں کر لے جن پر کچھ خوف نہیں ہے اور وہ غمگین نہ ہوں گے۔ اے رب ہمارے قبول کر ہماری دعا بے شک تو سننے والا اور علم والا ہے اے رب ہمارے ہم کو مصیبت پر ثابت قدم رکھ اور ہماری مدد کر کافروں پر۔ اے ہمارے رب ہمارے دل ہدایت کے ساتھ روشن کر اور بخش ہم کو اپنے پاس سے رحمت بے شک تو بخشنے والا ہے اور نہیں ہے حول و قوت مگر اللہ بزرگ و برتر کو۔ اے وہ کہ تیری ذات آسمان و زمین سے وسیع ہے اور ہر بری چیز کو مجھ سے دور رکھ۔ مجھ کو

ظالموں اور اغیار سے دور رکھ اور میرے دل کو اپنی مدد سے مضبوط کر' اے ٹوٹے ہوئے دلوں کو بدلہ دینے والے اور فرحت و خوشی میرے جزو کل میں بھر دے' اے قوی' قوی کر میرا قلب اور میرے سر پر ایک علم بلند کر جسے تمام دنیا دیکھے اور میرے مظلوم ہونے کی گواہی دے اور اے اللہ مجھ مظلوم کی مدد کر بے شک تو وہ جانتا ہے جو میں نہیں جانتا ہوں۔ اے غنی دفع کر مجھ سے وہ چیز جو مجھ کو فقر سے روکے۔ اے اللہ' اے عالی' اے عظیم بلند ہے تو بہت بلند' بزرگ کر مجھ کو اپنی عظمت عظیم کے طفیل میں اور نجات دے مجھ کو ظالموں سے اور اپنے مقرب فرشتوں کے ساتھ میری مدد کر اپنی کل مخلوق کا دل اپنی رحمت سے میرا مسخر کر۔ اے ارحم الراحمین تجھ عظیم و برتر کو حفاظت تھکاتی نہیں ہے۔

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ' اے حق' اے مبین مجھ اور میرے متعلقین کو ظالموں سے نجات دے اور مجھ کو بسم اللہ کے خزانوں میں جس کا قفل الحمد للہ اور اس کی کنجی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے داخل کر۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

مال تجارت میں نفع

جو شخص مال تجارت میں نفع کا خواہش مند ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر "اللہ لا الہ ھو الحی القیوم" ستر مرتبہ لکھے اور اس پر خوشبو لگا کر ستر مرتبہ یہی الفاظ تین مرتبہ آیت الکرسی اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو اپنے سامان تجارت میں رکھے۔ بفضل تعالیٰ منافع کثیر ہو گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبد اللہ دہلوی)

بند کاروبار کا اجراء

جس کسی کا کاروبار بوجہ سحر یا ٹونہ بند ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے نقصان کا سامنا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے کٹورہ بھر پانی لے کر اس پر ستر مرتبہ سورہ رحمٰن مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اپنے کاروباری جگہ پر وہ پانی چاروں کونوں اور

دروازوں کی نکڑوں میں اچھی طرح چھڑک دیں۔

ہر روز سورہ فاتحہ سات مرتبہ' سورہ اخلاص سات مرتبہ' آیت الکرسی سات مرتبہ' یا فتاح یا رزاق اکیس مرتبہ پڑھ کر دوکان کے چاروں اور پھونک لگائیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی مانگیں انشاء اللہ اکتالیس روز کے عمل سے مکمل بندش ختم ہو کر کاروبار عروج پر چلا جائے گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

وسعت رزق

جس شخص کے رزق میں کسی بھی وجہ سے بے حد کمی ہو گئی ہو اور باوجودیکہ تردد اور کوشش بسیار کے کمی دور نہ ہوتی ہو۔ تو وسعت رزق کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعرات سے ہر فرض نماز کے بعد بغیر کسی سے کلام کئے آیت الکرسی ایک مرتبہ پڑھ کر آیت کریمہ تین بار' سورہ اخلاص سو مرتبہ' درود شریف اول و آخر تین تین مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک مارے اور اللہ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت رزق میں فراخی شروع ہو جائے گی اکتالیس روز کے عمل سے رزق میں بے انتہا وسعت پیدا ہو جائے گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

نماز قضائے حاجت

جس کسی کی کوئی بھی دینی یا دنیاوی حاجت کسی طرح بھی پوری نہ ہوتی ہے تو ایسے میں وہ اس کے برلانے کے لئے بہ طریق نماز قضائے حاجت ادا کرے۔ اس عمل سے اس کی حاجت خزانہ غیب سے پوری ہو گی۔

سب سے پہلے غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے۔ وضو کر کے اللہ کی راہ میں حسب توفیق صدقہ دے۔ پھر بدھ' جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے جمعہ کو جامع مسجد میں جا کر بارہ رکعت نماز نفل بہ نیت قضائے حاجات پڑھے پہلی دس رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ آیت الکرسی اور آخری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد پچاس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد کثرت سے درود پاک پڑھے۔ یہاں تک کہ بے حال ہو جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے بصمیم قلب اپنے مقصد کے لئے گڑگڑا

کر دعا مانگے۔ جتنی عاجزی اختیار کرے گا اتنی ہی جلدی مقصد حل ہو گا۔ (دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

ہر مشکل کا حل

سخت ترین مفلسی کی حالت میں مبتلا حضرات کے لئے یہ عمل بے حد مفید ہے اور اس کے عمل سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے۔

اس مقصد کے لئے دو رکعت نماز نفل رات کو اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے آیت الکرسی تین بار پڑھ کر یہ دعا مانگے۔

اے اللہ تو سنتا ہے کلام میرا اور دیکھتا ہے جگہ میری اور جانتا ہے پوشیدہ اور ظاہر میرا۔ نہیں پوشیدہ تجھ پر کوئی چیز میرے کام سے' میں تجھ سے مثل ناامید فقیر کے دعا کرتا ہوں جو مستغیث اور مقرر ہے اپنے گناہ اور تقصیر کا اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے مثل مسکین کے اور گڑگڑاتا ہوں تیری طرف مثل بندے ضعیف گناہ گار حقیر شخص کی طرح گڑگڑا کر جس کی گردن تیری طرف جھک گئی اور اس کے آنسو تیری جناب میں بہ گئے اور

اس کا چہرہ جھکا تیرے سامنے اور خاک آلودہ ہوئی ناک اس کی' یہ کہ زندہ کر دے ہمارے دل اور کھول دے ہمارا سینہ اور ہماری کوششوں کو اپنی ذات بزرگ کے لئے خالص کر لے اور کامیابی نے نعیم کی اور ہم کو توفیق دے اپنی رضا کی اور خیر کے ساتھ ہمارا خاتمہ کر کل روز قیامت میں ہم کو ان لوگوں کے ساتھ کر جن پر تو نے انعام کیا ہے۔ نبیوں اور صدیقوں اور شہداء اور نیکوں پر جو اچھے رفیق ہیں اور کافی کر ہم کو ان چیزوں سے جنہوں نے ہم کو فکر میں ڈالا ہے امور دنیا اور آخرت سے اور دنیا کو ہمارے گناہ کے سبب اس کو جو خوف نہیں کرتا اور ہم پر رحم نہیں کرتا اور نفع دے ہم کو ہمارے کانوں اور آنکھوں میں اور ہم کو عمدہ زندگی دے۔ ہمارے لئے خیر کے در کھول اور رزق دے ہم کو تو بہترین رزق دینے والا ہے اے ہمارے رب بخش ہم کو اور ہمارے بھائیوں کو جنہوں نے سبقت ایمان میں کی اور ہمارے دلوں میں کھوٹ نہ کر۔ اے ہمارے رب بیشک تو مہربان رحم والا ہے رب ہمارے گناہ بخش دے اسراف سے ہم کو بچا اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر ہم کو مدد دے رب ہمارے' ہم کو دنیا اور آخرت میں نیکی دے اور بچا ہم کو عذاب نار سے۔(دلائل

رزق۔ مولانا عبد اللہ دہلوی)

فراخی رزق

رزق کی فراخی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز جمعہ اس جگہ بیٹھ کر تین مرتبہ آیت الکرسی اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ۔ ایک سو مرتبہ یا حی یا قیوم اور تین سو تیرہ بار یا رحیم یا ودود پڑھے۔

چند جمعہ کے عمل سے انشاء اللہ غیب سے کشائش رزق کا بندوبست بفضل باری تعالیٰ ہو جائے گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبد اللہ دہلوی)

کاروبار میں ترقی کے لئے

اگر کاروبار مندے کا شکار ہو گیا ہو یا دوکانداری اچانک ٹھپ ہو گئی ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے درود تاج نقش کی صورت میں زعفران و گلاب سے کسی کاغذ یا سفید گتے پر لکھیں۔ اس پر آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو دوکان کے سامنے والے دروازے کے اوپر لٹکا دیں۔

روزانہ کاروباری جگہ کو کھولتے وقت تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دروازے پر پھونک لگائیں انشاء اللہ کاروبار پھر سے جاری ہو جائے گا۔

فراخی رزق

فراخی رزق کے لئے یہ عمل نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد نماز فجر اکتالیس بار آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف اور ایک سو ایک مرتبہ سورہ مزمل اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کرے انشاء اللہ چند دنوں میں ہی رزق میں اضافہ و برکت شروع ہو جائے گی اور روز افزوں رزق میں ترقی ہو گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

رزق کے لئے

رزق کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے خد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر سات مرتبہ آیت الکرسی اسم یا حی یا قیوم ایک ہزار مرتبہ اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا مانگا کرے انشاء اللہ بہت

جلد مقصود حاصل ہو گا اور رزق بے گمان پردہ غیب سے ملے گا دعا یہ ہے۔

اے اللہ! اگر میرا رزق آسمان میں ہے تو اس کو نازل کر اور اگر زمین میں ہے تو اس کو نکال دے اور اگر تھوڑا ہے تو اس کو زیادہ کر اور اگر بہت ہے تو اس میں برکت دے جس جگہ رہوں وہاں مجھے رزق کشادہ دے اور مجھ کو اس کے پاس نہ بھیج جہاں وہ ہو بلکہ اپنے فضل و کرم سے اس کو میرے پاس اور اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین اور اللہ تعالیٰ ہمارے حضور اور ان کی آل و اصحاب پر درود و سلام نازل کر۔ (دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

فراخی و وسعت رزق

اس مقصد کے لئے نصف شب کو اٹھ کر دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ پھر نماز سے فارغ ہو کر سات مرتبہ آیت الکرسی اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اللہ کے حضور خشوع و خضوع سے آہ و زاری کرے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے

اس مشکل سے نجات مل جائے گی۔

دعا یہ ہے۔

اے اللہ تو سنتا ہے کلام میرا اور دیکھتا ہے مشکل میری اور جانتا ہے پوشیدہ اور ظاہر میرا نہیں پوشیدہ تجھ پر کوئی چیز تیرے کام سے میں تجھ سے مثل نا امید فقیر کے دعا کرتا ہوں جو مستغیث اور مضطر ہے۔ اپنے گناہ اور تقصیر کا اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے مثل مسکین کے اور گڑگڑاتا ہوں تیری طرف مثل بندے ضعف گناہ گار حقیر کے اس شخص کی طرح گڑگڑا کر جس کی طرف تیری طرف جھک گئی اور اس کے آنسو تیری جناب میں بہہ گئے اور اس کا چہرہ تیرے سامنے اور خاک آلودہ ہوئی ناک اس کی یہ کہ زندہ کر دے ہمارے دل اور کھول دے ہمارے سینہ کو اور ہماری کوششوں کو اپنی ذات بزرگ کے لئے خالص کرے اور کامیابی سے نعیم کی اور ہم کو توفیق دے اپنی رضا کی اور خیر کے ساتھ ہمارا خاتمہ کر کل روز قیامت میں ہم کو ان لوگوں کے ساتھ کر خیر تو نے انعام کیا ہے نبیوں اور صدیقوں اور شہداء اور نیکوں پر جو اچھے رفیق ہیں اور کافی ہو ہم کو ان چیزوں سے جنہوں نے ہم کو فکر میں ڈالا ہے اور دنیا اور آخرت سے اور دنیا کو ہمارا بڑا قصد

انجام علم نہ بنا اور نہ مسلط کر ہم پر ہمارے گناہوں کے سبب اس کو جو خوف نہیں کرتا ہے اور ہم پر رحم نہیں کرتا اور نفع دے ہم کو ہمارے کانوں اور آنکھوں میں اور ہم کو عمدہ زندگی دے ہمارے لئے خیر کے در کھول اور رزق دے ہم کو تو بہترین رزق دینے والا ہے اے رب ہمارے بخش دے ہم کو اور ہمارے بھائیوں کو جنہوں نے سبقت ایمان میں کی اور ہمارے دلوں میں کھوٹ نہ کر اے ہمارے رب بیشک تو مہربان رحم والا ہے۔ رب ہمارے گناہ بخش دے اسراف سے ہم کو بچا اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر ہم کو مدد دے۔ رب ہمارے ہم کو دنیا اور آخرت میں نیکی دے اور بچا ہم کو عذاب نار سے۔ (دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

غربت و افلاس دور کرنے کے لئے

جو شخص انتہائی مفلس اور غریب ہو اور اس کے لئے دو وقت کی روٹی بھی مشکل ہو اور اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی تنگدستی اور افلاس ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل اختیار کرے۔

اس مقصد کے لئے ہرن کی جھلی لے کر یا بہ امر مجبوری کسی نفیس پارچہ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے شرف شمس میں سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف۔ سورہ اخلاص لکھے اور اس کے گرداگرد آیت الکرسی لکھے۔

اس کے بعد دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ سات مرتبہ۔ آیت الکرسی گیارہ مرتبہ اور سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے بعد میں سجدہ میں جا کر گڑگڑا کر اللہ کے حضور دعا مانگے اور بعد از دعا اس نقش کو موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ اس نقش کی حفاظت بہت ضروری ہے۔ اپنے مقصد کے لئے روزانہ بعد از ہر نماز اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ اور یا حی یا قیوم یا رزاق یا باسط بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دعا بھی اللہ کے حضور مانگا کرے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد فقرو فاقہ سے نجات حاصل کر کے مال و دولت سے سرفراز ہو گا اور ہر شخص اس کی عزت و آبرو کرے گا اور ہر جائز حاجت روا ہو گی۔ (دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

تنگدستی دور کرنے کے لئے

تنگ دستی دور کرنے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سفید ریشمی کپڑے پر زعفران و گلاب سے اسم حسنٰی "القیوم" کو ایک سو چھپن مرتبہ لکھ کر اس کے گردا گرد آیت الکرسی لکھ کر اوپر آیت الکرسی گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور القیوم کا دو سو چھپن مرتبہ ورد کر کے دم کریں، اور اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باندھنے سے پہلے اکتالیس روپے اس کا ہدیہ فقراء میں بانٹ دیں انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد تنگدستی دور ہو جائے گی اور تمام حاجات سے بے نیاز ہو جائے گا یہ نقش ساعت شمس میں بنانا ہے۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کاروبار میں روز افزوں عروج

کاروبار میں روز افزوں اضافہ کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ دوکان پر بیٹھ کر اول درود شریف ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور آیت الکرسی گیارہ مرتبہ اور درود

شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر کھلا ورد یا قیوم کا سارا دن کرتا رہے۔ صرف ناپاکی کا خیال رکھیں۔ ایسی صورت میں دوبارہ وضو کرلیں یا پھر کلی اچھی طرح کر کے شام تک اس اسم مبارک کا ورد جاری رکھیں پھر نظارہ قدرت دیکھیں۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کشادگی رزق کے لئے

جو شخص کشادگیِ رزق کے لئے ہر روز بعد از نماز عشاء یہ عمل کرے گا اس کو بے حد فائدہ ملے گا۔

اس مقصد کے لئے یا حی یا قیوم ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا سات مرتبہ مانگ لیا کرے۔

اس مقصد کے لئے جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اسمائے حسنٰی یا حی یا قیوم یا وہاب اول و آخر درود پاک اکیس اکیس مرتبہ پڑھا کرے گا اسے کبھی تنگی رزق سے کبھی واسطہ نہیں پڑے گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

مفلسی سے نجات

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو، غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں

سخت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی۔

مندرجہ بالا عمل سے تنگدستی کی جگہ خوشحالی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہو گی۔ غیب سے اس کی خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز مراد ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو ہر نماز کے بعد سجدے میں سر رکھ کر آیت الکرسی پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھائے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لئے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز دلی مراد بہت جلد پوری ہو گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

رزق میں برکت

مشکلات پیدا ہو گئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر آیت الکرسی لکھے اس کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے۔

اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگا دے یا مال تجارت میں رکھ دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہو گی۔ آیت الکرسی کی برکت سے کاروبار خوب چمکے گا۔ اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

کشادگی قسمت کے لئے

کشادہ بختی کے لئے ہر جمعہ کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ایک سو ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لئے دعا مانگے۔

سات ہفتے تک اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوں گے اور کشادہ

بخت ہو جائے گا۔

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آ گئی ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو گیا ہو نجات کی کوئی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہیے کہ بدھ' جمعرات اور جمعہ کے دن نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اسی جگہ پر بیٹھا رہے اور اکتالیس مرتبہ روزانہ آیت الکرسی پڑھے۔

آیت الکرسی پڑھتے وقت اپنا سر سجدے میں رکھے اور سجدے میں ہی اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس پر سے مصیبت ہٹا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا تین دن کے اندر پوری ہو جائے گی۔

اللہ تعالیٰ آیت الکرسی کی برکت سے اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اور اس پر سے مصیبت کو ٹال دے گا۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

تنگدستی سے امن

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تنگدستی دور ہو جائے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کے ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکیس

مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو بھی دعا مانگے گا بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگی۔

اس کی تنگدستی آیت الکرسی کی برکت سے دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی روزی کے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ جس سے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اس کی تنگدستی خوشحالی میں بدل جائے گی۔ یقین کامل اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ عمل کو بلا ناغہ جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ فیض ہوگا۔

اسی طرح اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف مائل نہ ہو عبادت کرتے ہوئے کاہلی سی محسوس ہوتی ہو یا دھیان کسی اور طرف مسلسل جاتا رہتا ہو طبیعت میں ٹھہراؤ اور توجہ و یکسوئی کی کیفیت پیدا نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی سے پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی طبیعت عبادت الٰہی کی طرف راغب ہوگی۔

اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص "فضل و کرم نازل فرمائے گا اُس کو عبادت کرنے میں سکون قلبی نصیب ہوگا اور توجہ و یکسوئی کی دولت حاصل ہوگی۔ (دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

ترقی کاروبار و رزق

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لئے جو کوئی ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت ہو گی' رزق کی فراخی ہو گی۔

آیت الکرسی کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کا رزق وسیع فرما دے گا۔ پردہ غیب سے اس کے کاروبار میں ترقی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کا کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔ رکا ہوا کاروبار چند دنوں کے عمل سے ہی چلنا شروع ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے کہ وہ اس پر مداومت کرے اور ہر روز بلاناغہ پڑھے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھنا لازم ہے۔

اگر اس کے بعد بھی عمل پر قائم رہ سکے تو بہت بہتر ہے ورنہ جس قدر ممکن ہو سکے ہر نماز کے بعد پڑھنے کی کوشش کرے بفضل باری تعالیٰ رزق کی خوب فراوانی ہو گی۔

ہر قسم کی جائز حاجت روائی اور فوری طور پر مثبت اثرات حاصل کرنے کے لئے آیت الکرسی کا یہ تیر بہدف عمل ہے اس

عمل سے بگڑے کام سنور جاتے ہیں۔ جلد حاجت روائی کے غیب سے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔

اگر کسی کی کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ ہر روز باوضو حالت میں تین سو تیرہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور اپنی حاجت کا سوال کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

جب تک حاجت پوری نہ ہو اس وقت تک ہر روز بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ بفضل باری تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

مشکلات رزق سے نجات

ہر طرح کی جائز مشکل کے فوری حل کے لئے یہ عمل اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ مشکلات کے حل کے لئے مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

کوئی بھی ایسی مشکل جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو اس مشکل کی وجہ سے ہر وقت پریشانی رہتی ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح یہ

مشکل حل ہو جائے اور سکون حاصل ہو جائے چنانچہ اس مقصد کے لئے آیت الکرسی کا ختم سوا لاکھ مرتبہ مقرر ہے۔ اس قاعدہ کو مد نظر رکھتے ہوئے آیت الکرسی کو بھی باوضو حالت میں بہت سے افراد مل کر ایک سو پچیس ہزار مرتبہ پڑھیں۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ یا تو ایک ہی آدمی ترک حیوانات جلالی و جمالی کر کے چالیس دنوں میں سوا لاکھ بار ختم کرے یا پھر چند آدمی مل کر ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر باوضو حالت میں توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں۔

پڑھنے کے بعد مشکل کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آیت الکرسی کی برکت سے بہت جلد مشکل حل ہو جائے گی۔

پڑھنے کے لئے بہترین وقت نماز فجر کے فوری بعد یا پھر عشاء کی نماز کے فوری بعد ہے۔ یہ حل مشکلات رزق کا خاص عمل ہے۔(دلائل رزق۔ مولانا عبداللہ دہلوی)

قضائے حاجت رزق

جو کوئی کسی سخت مشکل میں گرفتار ہو اور اس مشکل سے چھٹکارا نظر نہ آتا ہو اور درماندہ مضطرب رہتا ہو' اس کو چاہیے کہ وہ نصف شب کو بیدار ہو کر باوضو حالت میں دو رکعت نماز نفل ۔ تحیتہ الوضو پڑھے اور پھر اول و آخر درود تاج گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھے اور بعد میں اللہ کے حضور اپنی حاجت روائی کے لئے دست بدعا ہو۔ انشاء اللہ چند یوم میں مشکل آسان ہو جائے گی۔

دین اور دنیا کی تمام حاجات اور امور کی درستگی اور بروقت ہونے کے لئے یہ عمل مفید ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز بعد نماز فجر سورہ مزمل شریف تین بار پڑھ کر ایک سو دس بار یا غنی اور دو سو بار یا منعم پڑھ کر دعا خداوند تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر کرے روزانہ اس طرح ورد رکھنے سے اس کی دین اور دنیا کی تمام حاجات خزانہ غیب سے پوری ہوں گی اور دن بہ دن ہر معاملے میں ترقی بھی ہوتی جائے گی۔ اس عمل میں ناغہ بالکل نہ کرے۔

انسان کی ایسی حاجت جو کسی طرح پوری ہوتی نظر نہ آتی ہو اور اس کی وجہ سے بے حد پریشانی لاحق رہتی ہو تو اس کے حل کے لئے ذیل کا

عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے نئے چاند کی شب جمعہ کو بعد از عشاء تمام امور دنیاوی سے فارغ ہو کر کسی تنہائی والی محفوظ جگہ پر مصلے بچھا کر نہایت توجگی سے اس عمل کو شروع کرے۔ عمل سے پہلے غسل کرے اور پاک صاف کپڑے پہن کر وضو کر کے مصلے پر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد للہ کے بعد تین بار سورہ اخلاص پڑھے' پھر سلام پھیرے اور اس کا ثواب حضور کریم ﷺ اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی بارگاہ اقدس میں بطور ہدیہ پیش کرے۔ پھر قبلہ رخ دو زانو یا چار زانو بیٹھ کر سر پر سے ٹوپی اتار دے اور اپنے سامنے رکھ لے اور اس کے بعد درود شریف گیارہ بار پڑھے پھر اکتالیس بار سورہ مزمل پڑھے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے' پھر سب سے پہلے دعا ترقی دین کرے اس کے بعد حضور قلب سے اپنی حاجت کی دعا کرے۔ بعد از دعا اسی جگہ مصلے پر سو رہے۔ اس طریقہ سے چالیس یوم بلاناغہ یہ عمل کرے۔ چالیس یوم کے اندر اندر اس کی حاجت بہ فضل تعالیٰ پوری ہوگی۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاہد امرتسری)

ترقی رزق

اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

نئے چاند کے پہلے ہفتہ' پیر' بدھ یا جمعرات کے دن سورج نکلتے وقت یہ عمل شروع کرے۔ پہلے دس بار درود شریف پڑھے' پھر سات بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے لیکن عمل شروع کرنے سے پہلے اپنی حاجت کے لئے دعا تین بار مانگے اس کے بعد سورہ مزمل شریف کو شروع کرے اور جب لفظ ترتیلا پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو پچاس بار پڑھے اور ساتھ ساتھ اپنی حاجت کی التجا بھی کرے۔

اس کے بعد بقیہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا باری تعالیٰ کے حضور انتہائی عاجزی سے کرے۔ سات روز کے عمل سے بفضل تعالیٰ متعلقہ حاجت پوری ہو جائے گی۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

عمل سورہ مزمل باموکل

مندرجہ ذیل عمل سورہ مزمل شریف شری باموکل بہت ہی مفید اور نافع ہے۔ اس عمل کا عامل جو بات بھی جائز پسند کرے' "فوراً" پوری ہو۔ دین و دنیا میں کسی بھی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور نہ ہی کسی بھی قسم کی

مشکل اور ابتلاء سے دوچار ہو۔ اس کے ہر کام اور ہر معاملہ میں آسانی پیدا ہو۔ غرضیکہ اس کے لاتعداد فوائد و برکات ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔

اس عمل کے چلہ کے لئے ذیل کی شرائط کی پابندی لازماً ہے۔ بصورت دیگر عمل میں خرابی پیدا ہو کر عامل کے لئے سخت مشکل و ابتلاء کا باعث بن جائے گی۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو کسی صاحب نظر بزرگ کی زیر نگرانی اور ہدایات کے کیا جائے۔ سب سے پہلے اکل حلال اختیار کرے۔ اس کے بعد ہر قسم کا ترک جلال و جمال اختیار کرے۔ بدبو دار اور ممنوعہ اشیاء سے پرہیز کرے۔ ہر روز غسل کر کے پاک صاف ہو۔ اس کے لئے پاک صاف تنہائی والی محفوظ جگہ کا بندوبست کرے۔ اس کے بعد یہ عمل نئے چاند کی پہلی اتوار کو شروع کرے۔ یہ عمل تین چلوں میں پورا ہو گا اور ہر چلہ بائیس یوم پر مشتمل ہے۔ اگر تینوں چلے اوپر تلے کرے تو بہتر ہے۔ بصورت دیگر درمیان میں چند یوم کا وقفہ ڈال لے۔ اثنائے چلہ اس بات کی احتیاط کرے کہ اس کی کوئی نماز بالخصوص نماز فجر کسی بھی طرح نہ تو چھوٹے اور نہ ہی قضاء ہو۔ دوسرے چلہ کے دوران اگر اس کا کوئی دوست، بھائی، بہن، والدین یا کوئی عزیز رشتہ دار کوئی چیز دے تو ہرگز نہ لے۔ اس شے کے لینے سے عمل ٹوٹ جاتا ہے اور پھر نئے سرے سے شروع کرنا پڑتا ہے۔ شے سے مراد کھانے پینے والی اشیاء، تحفہ

یا نقدی وغیرہ ہے اور اس کا پرہیز سختی سے کرنا لازم ہے۔ اس کے علاوہ دوران چلہ بیوی کے ساتھ ہمبستری بالکل نہ کرے اور اس سے بچا رہے ورنہ عمل الٹا بھی پڑ سکتا ہے اور بیماری کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس عمل کے موکلات دوران چلہ مختلف شکلوں میں یا مختلف حالتوں میں آکر دھوکہ دیتے ہیں۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ ان کے دھوکا میں بالکل نہ آوے۔ اس کے علاوہ وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھے۔ دوران عمل یہ بھی خاص خیال رکھے کہ اگر کوئی بھی شکل چرند' درند' شیر وغیرہ سامنے آئے تو اس سے ہرگز خوف نہ کھائے اور اگر وہ منہ کھولے تو اس کے منہ میں کوئی بھی شے جو پہلے سے اپنے پاس رکھی ہو' ڈال دے۔ خواہ وہ شے نقدی کی صورت میں ہو' یا کھانے کی شے ہو۔

غرضیکہ اس کے منہ کھولنے پر اس کے منہ میں کسی شے کا ڈالنا بہت ضرورت ہے' ورنہ اس شے سے گزند پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ دیگر تمام احتیاطوں پر سختی سے کاربند رہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ سورہ مزمل شریف باموکل عمل ہے اور بے احتیاطی سے اپنے لئے نقصان اٹھانے کا موجب ہوگا۔

عمل شروع کرنے سے پہلے خصوصی غسل کرے اور احرام کی شکل میں دو چادریں باندھے اور ان پر اچھا سا عطر لگائے۔ پھر چلے کی جگہ پر عود

و عنبر جلائے یعنی اگر بتی روشن کرے اور پھر مصلے پر بیٹھ کر نہایت یکسوئی اور توجہ سے سورہ مزمل شریف کا ورد شروع کرے۔ طریقہ اس کا یہ ہو گا کہ پہلے دن ایک بار سورہ مزمل شریف باموکل پڑھے جو یہ ہے۔

سب سے پہلے درود شریف گیارہ بار پھریا اسرافیل بحق شمو طشا بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پھر سورہ شروع سے آخر تک پڑھتا جائے۔

دوسرے دن دو بار پڑھے۔ تیسرے دن تین بار' یہاں تک کہ گیارہویں دن گیارہ بار تک پہنچ جائے۔ اس کے بعد بارہویں دن سے ایک کم کرتا جائے۔ مثلاً" بارہویں روز دس بار' تیرہویں روز نو بار۔ بائیسویں روز ایک کی تعداد میں پڑھ کر اپنا چلہ پورا کرے۔

ہربار سورہ مزمل شریف کے آخر پر درود پاک گیارہ بار لازماً پڑھے۔ اس طرز پر تین چلے پورے کرے۔ بوقت عمل احرام باندھے اور بعد از عمل احرام اتار کر سنبھال لے اور دوسرے پاک صاف کپڑے پہن کر اپنے امور دنیا انجام دے اور کوشش کرے کہ ہر وقت پاک صاف رہے۔ تین چلوں کے اختتام پر سورہ مزمل شریف کو اسی طریق سے ایک بار روزانہ پڑھا کرے تاکہ شرائط موافق زکواۃ کے ادا ہوتی رہیں اور عمل میں کوئی خلل پیدا نہ ہو۔ اس عمل سے اس کو اس کے خرچ کے مطابق فتوحات باطنی و ظاہری ملتی رہیں گی اور کبھی کوئی کمی واقع نہ ہو گی۔ (گنج

فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

کشائش رزق

کشائش رزق کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد نماز عشاء اول درود شریف گیارہ بار، پھر سورہ مزمل شریف اکیس بار اس طرح پڑھے کہ جب لفظ وکیلا پر پہنچے تو پچیس بار آیت کریمہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل پڑھ کر سورت کو مکمل کرے، بعدہ درود پاک گیارہ مرتبہ پڑھے۔ روزانہ اس کی مداومت سے دن بدن رزق میں ترقی ہوتی جائے گی اور کسی بھی قسم کی پریشانی لاحق نہ رہے گی۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

رزق میں ترقی

جو کوئی تنگی معاش سے پریشان ہو اور کاروبار میں مندے کا سامنا رہتا ہو، تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

روزانہ صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اور اگر کسی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو طلوع آفتاب کے بعد ایک وقت مقرر کر کے اول درود شریف تاج سات بار، پھر سورہ مزمل شریف گیارہ بار اور اس کے بعد گیارہ سو بار یامغنی پڑھے۔ پھر سات بار درود شریف تاج پڑھ کر اللہ کے

حضور دعا مانگے' پھر ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف تین تین بار سورہ مزمل شریف دوبارہ ورد رکھے اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند یوم میں ہی کلیا پلٹ شروع ہو جائے گی اور رزق میں دن بدن ترقی ہونے سے تنگی معاش کی شکایت ختم ہو جائے گی۔ (گنج فراواں۔ علامہ شلوامرتسری)

فتوحات رزق

دین و دنیا کی فتوحات کے حصول کے لئے ذیل کا عمل انتہائی مجرب ہے۔

سب سے پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور تین چلے تک سورہ مزمل شریف کو اس طریق سے پڑھے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والیل دوسری میں سورہ الم نشرح تیسری رکعت میں سورہ اخلاص اور چوتھی رکعت میں سورہ الناس پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے پانی میں جا کر اس طرح کھڑا ہو کہ کمر پانی میں ڈوب جائے۔ جسم سے پاجامہ یا تہمد علیحدہ کر کے کسی ایسی جگہ رکھ دے یا کنارے پھینک دے تاکہ بعد از عمل کے دوبارہ پہن سکے۔ پھر اول درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ پھر سورہ مزمل شریف اکتالیس بار اور بعدہ درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ اسی طرح ایک

چلہ مکمل کرے اور اس کے بعد دوسرا چلہ شروع کرے۔ دوسرے چلہ میں سورہ مزمل شریف کا ورد اکیس بار اور تیسرے چلہ میں گیارہ بار پڑھنا ہے۔ جب یہ تینوں چلے ختم ہو جائیں تو بعد میں روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر۔ درود شریف گیارہ گیارہ بار اور گیارہ بار سورہ مزمل شریف پڑھتا رہے تاکہ عمل کی برکت قائم رہے۔

انشاء اللہ العزیز اس عمل سے بے حد فوائد دین و دنیا اور فتوحات کثرت حاصل ہوں گی۔

اسی طرح خواہ کیسی ہی مشکل دینی یا دنیاوی درپیش ہو۔ ایسی صورت میں ذیل کا عمل کرنے سے وہ مشکل بفضل تعالیٰ دور ہو جائے گی اور اس کا حل بہت آسان ہو جائے گا۔

اس کے لئے کوئی ایک وقت مقرر کر کے چالیس روز تک بلاناغہ ہر روز اکتالیس بار سورہ مزمل شریف بمعہ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔ دوران تلاوت سورہ مذکور اپنے مطلب کا دھیان رکھے۔ انشاء اللہ العزیز چلہ کے اندر اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ تیزی عمل کے لئے اگر اس کا ورد برہنہ سر کھڑے ہو کر کرے تو زیادہ بہتر ہو گا۔

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ ہر معاملے میں اس کو فتح و نصرت الہٰی حاصل رہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ بعد از نماز فجر سورہ

مزمل شریف باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اس سے اسے پناہ ملے گی اور مخلوق خدا اس کو محبت کی نظر سے دیکھے گی۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

فاقہ سے بچاؤ

جو کوئی فاقوں سے تنگ ہو اور معاش کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

ہر روز بعد از نماز عشاء ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ معاش کا کوئی نہ کوئی ذریعہ جلد ہی بن جائے گا اور فاقوں سے نجات مل جائے گی۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

خزانہ کی جگہ جاننا

اگر کسی کو کسی دفینہ کے بارے میں صحیح معلومات درکار ہوں اور وہ ان کے حصول میں ہر طرح ناکام ہو چکا ہو تو ایسے میں ذیل کے عمل سے اپنا مقصد بخوبی حاصل کر سکتا ہے۔

ہر روز انشاء اللہ بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ سورہ مزمل شریف اس

طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل پچاس یوم تک بلاناغہ کرے۔ اس عمل کے ساتھ اس کے پاس چار اشخاص سیاہ پوش آئیں گے اور السلام علیکم کہنے کے بعد اس سے یوں استفسار کریں گے کہ اے بنی آدم! تو نے ہمیں کیوں تکلیف دی ہے اور تیری کیا حاجت ہے؟ ان کو اسی وقت کہے کہ فلاں جگہ میں دفن شدہ خزانہ مجھے بخش دیں اور اس کے صحیح مقام کی نشاندہی بھی کر دیں تاکہ نکالنے میں دقت اور پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ پھر جب وہ اس مقام کی اور اس خزانے کی صحیح طور پر نشاندہی کر دیں تو اس بات کو اچھی طرح یاد رکھے اور بھول نہ جائے' پھر عمل سے فارغ ہو کر حسب توفیق شیرینی لے کر غرباء و مساکین میں تقسیم کرے اور دفینہ کی جگہ پر کھدائی کرے۔ بفضل باری تعالیٰ اسے خزانہ غیبی ضرور ملے گا۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاہد امرتسری)

تنگی رزق و فاقہ دور

اگر کسی کے ہاں فاقے بہت ہوتے ہوں' رزق میں بے حد تنگی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور ذریعہ معاش مستقل نہ ہو تو ذیل کا عمل باوضو حالت میں تخلیہ میں بیٹھ کر کرنا چاہیے' انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد رزق

کی لہر بہر ہو جائے گی اور معاش کی تنگی اور فاقوں سے نجات مل جائے گی۔

اس مقصد کے لئے سب سے پہلے درود شریف تاج دس بار پڑھے' پھر سورہ مزمل شریف شروع کرے۔ جب لفظ ترتیلا پر پہنچے تو پچاس بار اس آیت مبارکہ کی تکرار کرے۔ پھر سورہ مکمل کرکے سجدہ میں گڑگڑا کر اپنے رزق کے لئے اللہ کے حضور دعا کرے' انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے ہی برکات شروع ہو جائیں گی۔ بہتر یہی ہے کہ اس عمل کو چالیس یوم تک بلاناغہ کرے' تاکہ رزق و معاش کا مسئلہ دائمی اور مستقل حل ہو جائے اور زندگی بھر پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔(گنج فراواں۔ علامہ شلوامرتسری)

برائے ترقی رزق

جس کسی کو رزق میں کمی یا کاروباری مندے کا سامنا رہتا ہو' تو اس کے لئے ذیل کا عمل مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کی پہلی اتوار کو عمل شروع کرے۔ کوئی محفوظ اور تنہائی والی جگہ پر جہاں کسی کی مداخلت کا امکان نہ ہو' دو رکعت نماز نفل بہ نیت ترقی رزق ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اکیس بار سورہ مزمل پڑھے اور اپنے رزق کے لئے دعا مانگے۔ اس کے بعد

ہر روز سورہ مذکورہ کا ورد گیارہ بار تنہائی میں پڑھ لیا کرے۔ اس سے رزق میں بے حد اضافہ ہو جائے گا اور کاروباری مندا ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

تنگی معاش سے نجات

رزق معاش کی تنگی والے حضرات کے لئے یہ عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر سورہ مزمل شریف ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ کی رحمت خاص ہو جائے گی اور یہ شکایت رفع ہو جائے گی۔

جو شخص کسی بھی سخت ترین مشکل سے دوچار ہو گیا ہو' اور اس مشکل سے چھٹکارے کے بظاہر امکانات نظر نہ آتے ہوں تو ذیل کا عمل کرنے سے وہ مشکل بفضل باری تعالیٰ حل ہو جائے گی اور اس پریشانی و تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورہ مزمل شریف سات مرتبہ اول و آخر درود شریف مشکل کشا اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں سر رکھے اور دعا مانگے۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

عمل مشکل کشائی

کیسی ہی سخت مشکل ہی کیوں نہ درپیش ہو جو حل نہ ہوتی ہو اور ہر دنیاوی تدبیر ناکام ہو گئی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف اول و آخر درود شریف مشکل کشا اکیس اکیس بار پڑھے۔ اس کے بعد اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں "تحفتا" "ہدیتا" پیش کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل بہ نیت حل مشکل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے لئے بارگاہ خداوندی میں عاجزی و انکساری سے دعا مانگے۔ سات جمعہ کی شب تک اس عمل کو بلاناغہ کرنے سے انشاء اللہ کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو' وہ حل ہو جائے گی اور اس سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

حصول فتوحات رزق

دین و دنیا کی فتوحات کے حصول کے لئے ذیل کا عمل انتہائی مجرب ہے۔

سب سے پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور تین چلے تک سورہ مزمل شریف کو اس طریق سے پڑھے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ واللیل دوسری میں سورہ الم نشرح تیسری رکعت میں سورہ اخلاص اور چوتھی رکعت میں سورہ الناس پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے پانی میں جاکر اس طرح کھڑا ہو کہ کمر پانی میں ڈوب جائے۔ جسم سے پاجامہ یا تہمد علیحدہ کر کے کسی ایسی جگہ رکھ دے یا کنارے پھینک دے تاکہ بعد از عمل کے دوبارہ پہن سکے۔ پھر اول درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ پھر سورہ مزمل شریف اکتالیس بار اور بعدہ درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ اسی طرح ایک چلہ مکمل کرے اور اس کے بعد دوسرا چلہ شروع کرے۔ دوسرے چلہ میں سورہ مزمل شریف کا ورد اکیس بار اور تیسرے چلہ میں گیارہ بار پڑھنا ہے۔ جب یہ تینوں چلے ختم ہو جائیں تو بعد میں روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور گیارہ بار سورہ مزمل شریف پڑھتا رہے تاکہ عمل کی برکت قائم رہے۔

انشاء اللہ العزیز اس عمل سے بے حد فوائد دین و دنیا اور فتوحات کثرت حاصل ہوں گی۔

اسی طرح خواہ کیسی ہی مشکل دینی یا دنیاوی درپیش ہو۔ ایسی صورت

میں ذیل کا عمل کرنے سے وہ مشکل بفضل تعالیٰ دور ہو جائے گی اور اس کا حل بہت آسان ہو جائے گا۔

اس کے لئے کوئی ایک وقت مقرر کر کے چالیس روز تک بلاناغہ ہر روز اکتالیس بار سورہ مزمل شریف بمعہ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔ دوران تلاوت سورہ مذکور اپنے مطلب کا دھیان رکھے۔ انشاء اللہ العزیز چلہ کے اندر اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ تیزی عمل کے لئے اگر اس کا ورد برہنہ سر کھڑے ہو کر کرے تو زیادہ بہتر ہو گا۔

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ ہر معاملے میں اس کو فتح و نصرت الٰہی حاصل رہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ بعد از نماز فجر سورہ مزمل شریف باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اس سے اسے پناہ ملے گی اور مخلوق خدا اس کو محبت کی نظر سے دیکھے گی۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

فاقہ سے بچاؤ

جو کوئی فاقوں سے تنگ ہو اور معاش کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

ہر روز بعد از نماز عشاء ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ معاش کا کوئی نہ کوئی ذریعہ جلد ہی بن جائے گا اور فاقوں سے نجات مل جائے گی۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

دفینہ پانا

اگر کسی کو کسی دفینہ کے بارے میں صحیح معلومات درکار ہوں اور وہ ان کے حصول میں ہر طرح ناکام ہو چکا ہو تو ایسے میں ذیل کے عمل سے اپنا مقصد بخوبی حاصل کر سکتا ہے۔

ہر روز انشاء اللہ بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ سورہ مزمل شریف اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل پچاس یوم تک بلاناغہ کرے۔ اس عمل کے ساتھ اس کے پاس چار اشخاص سیاہ پوش آئیں گے اور السلام علیکم کہنے کے بعد اس سے یوں استفسار کریں گے کہ اے بنی آدم! تو نے ہمیں کیوں تکلیف دی ہے اور تیری کیا حاجت ہے؟ ان کو اسی وقت کہے کہ فلاں جگہ میں دفن شدہ خزانہ مجھے بخش دیں اور اس کے صحیح مقام کی نشاندہی بھی کر دیں تاکہ نکالنے میں دقت اور پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ پھر جب وہ اس مقام کی

اور اس خزانے کی صحیح طور پر نشاندہی کر دیں تو اس بات کو اچھی طرح یاد رکھے اور بھول نہ جائے' پھر عمل سے فارغ ہو کر حسب توفیق شیرینی لے کر غرباء و مساکین میں تقسیم کرے اور دفینہ کی جگہ پر کھدائی کرے۔ بہ فضل باری تعالیٰ اسے دفینہ غیبی ضرور ملے گا۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

تنگی رزق و فاقہ دور

اگر کسی کے ہاں فاقے بہت ہوتے ہوں' رزق میں بے حد تنگی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور ذریعہ معاش مستقل نہ ہو تو ذیل کا عمل باوضو حالت میں تخلیہ میں بیٹھ کر کرنا چاہیے' انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد رزق کی لہر بہر ہو جائے گی اور معاش کی تنگی اور فاقوں سے نجات مل جائے گی۔

اس مقصد کے لئے سب سے پہلے درود شریف تاج دس بار پڑھے' پھر سورہ مزمل شریف شروع کرے۔ جب لفظ تبتیلا پر پہنچے تو پچاس بار اس آیت مبارکہ کی تکرار کرے۔ پھر سورہ مکمل کر کے سجدہ میں گڑگڑا کر اپنے رزق کے لئے اللہ کے حضور دعا کرے' انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے ہی برکات شروع ہو جائیں گی۔ بہتر یہی ہے کہ اس عمل کو چالیس یوم تک بلاناغہ کرے' تاکہ رزق و معاش کا مسئلہ دائمی اور مستقل

حل ہو جائے اور زندگی بھر پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

برائے ترقی رزق

جس کسی کو رزق میں کمی یا کاروباری مندے کا سامنا رہتا ہو' تو اس کے لئے ذیل کا عمل مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کی پہلی اتوار کو عمل شروع کرے۔ کوئی محفوظ اور تنہائی والی جگہ پر جہاں کسی کی مداخلت کا امکان نہ ہو' دو رکعت نماز نفل بہ نیت ترقی رزق ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اکیس بار سورہ مزمل پڑھے اور اپنے رزق کے لئے دعا مانگے۔ اس کے بعد ہر روز سورہ مذکورہ کا ورد گیارہ بار تنہائی میں پڑھ لیا کرے۔ اس سے رزق میں بے حد اضافہ ہو جائے گا اور کاروباری مندا ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

تنگی معاش کے لئے

رزق معاش کی تنگی والے حضرات کے لئے یہ عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر سورہ مزمل شریف ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھا کرے اور

اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ کی رحمت خاص ہو جائے گی اور یہ شکایت رفع ہو جائے گی۔

جو شخص کسی بھی سخت ترین مشکل سے دوچار ہو گیا ہو' اور اس مشکل سے چھٹکارے کے بظاہر امکانات نظر نہ آتے ہوں تو ذیل کا عمل کرنے سے وہ مشکل بفضل باری تعالیٰ حل ہو جائے گی اور اس پریشانی و تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورہ مزمل شریف سات مرتبہ اول و آخر درود شریف مشکل کشا اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں سر رکھے اور دعا مانگے۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاداں امرتسری)

عمل مشکل کشائی

کیسی ہی سخت مشکل ہی کیوں نہ درپیش ہو جو حل نہ ہوتی ہو اور ہر دنیاوی تدبیر ناکام ہو گئی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف اول و آخر درود شریف مشکل کشا اکیس اکیس بار پڑھے۔ اس کے بعد اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں "تحفتاً" "ہدیتاً" پیش کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل بہ نیت حل

مشکل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے لئے بارگاہ خداوندی میں عاجزی و انکساری سے دعا مانگے۔ سات جمعہ کی شب تک اس عمل کو بلاناغہ کرنے سے انشاء اللہ کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو' وہ حل ہو جائے گی اور اس سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔(گنج فراواں۔ علامہ ثناء امرتسری)

عمل از پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ

جب کسی کو سخت ترین مشکل کا سامنا ہو تو ذیل کا پیران پیر کا تحفہ بے حد اکسیری حکم رکھتا ہے اور اس سے وہ سخت ترین مشکل حل ہو جاتی ہے اور پریشانی سے نجات مل جاتی ہے۔

اس مقصد کے لئے عروج ماہ میں ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور پھر اس عمل کو شروع کرے۔ عمل کے لئے نماز ظہر' نماز عشاء کا وقت مقرر کرے۔ ظہر یا عشاء کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس عمل کو اس طرح شروع کرے اور حاجت پوری ہونے تک ہر روز جاری رکھے اور ترک حیوانات پر سختی سے عمل کرے۔ بعد از حاجت روائی ترک حیوانات کو بے شک چھوڑ دے۔ سب سے پہلے دس بار درود

شریف غوثیہ پڑھے۔ پھر دس بار یا جمیل پڑھ کر تین بار درود پاک پڑھے۔ پھر سورہ مزمل شریف مع بسم اللہ شریف کے شروع کرے اور مزمل کے لفظ کی تکرار کرے اور اپنی مشکل کا حل طلب کرے کیونکہ یہی موقع اجابت ہے۔ پھر جب سورہ شریف کو ختم کرے تو اپنی مشکل کا حل طلب کرے' پھر ایک بار دعا مانگے۔

اسی طریق پر گیارہ بار سورہ مزمل شریف کو مکمل کرے اور گیارہ بار روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ مشکل خود بخود حل ہو جائے گی اور پریشانی سے نجات مل جائے گی۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

حصول فتوحات

جو کوئی امور دینی و دنیوی میں حصول فتوحات کا خواہاں ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید اور مجرب ہے۔

اس کے لئے سب سے پہلے چلہ ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کرے۔ پھر چاند کی پہلی تاریخ سے تین تاریخ تک روزے رکھے اور افطار سے پیشتر اس انداز سے کھیر پکائے کہ جو اپنی خوراک سے زیادہ نہ ہو اور نہ کم' بعدہ پانچویں تاریخ سے عمل شروع کرے۔ بعدہ نماز عشاء یا

تہجد غسل باوضو کرے اور کپڑے احرام کی شکل میں باندھے۔ اول گیارہ بار درود شریف پھر تین بار الحمد شریف پڑھے۔ اور آخر میں تین بار آمین کہے۔ اس کے بعد سورہ مزمل شریف شروع کرے۔ جب لفظ وکیلا پر پہنچے تو نو بار اپنے مطلب کی دعا کرے۔ اس کے بعد سورہ تمام کرے اور پھر انیس بار یارحیم پڑھے۔ اس کے بعد اسی طریق سے گیارہ بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ چلہ ختم ہونے کے بعد اس کا ایک بار ورد روزانہ رکھے۔ انشاء اللہ فتوحات بدرجہ کمال ہوں گی۔

چاند کی پہلی تاریخ جس ماہ اسلامی میں جمعرات ہو تو اس دن دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور دوسری کوئی بھی شے نہ کھائے۔ بعد نماز عشاء وتروں سے قبل غسل کر کے دو رکعت نماز ۔بحیتہ الوضو پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح گیارہ بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص گیارہ بار پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے ان دو رکعت کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ اور حضرت پیران پیر کی روح پاک کو پہنچا کر چار زانو بیٹھے' پہلو نہ بدلے۔ ایک ہی بیٹھک سے اکتالیس بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ اول و آخر درود شریف و کلمہ تمجید سات سات بار پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو۔ اسی جگہ رو قبلہ رو ہو کر سر منجانب قطب کر کے سو رہے اور صبح کو سورہ

شریف بعد نماز صبح کے گیارہ بار اور بعد نماز ظہر و عصر و مغرب دو دو بار اور بعد نماعشاء تین بار پڑھے اور جب مہینے کی پہلی تاریخ آئے تو رات کو اسی طرح عمل مذکور کر کے پھر صبح سے بدستور سورہ شریف کا ورد اسی طریق سے جاری رکھے۔ ایک سال تک یہ عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ بے انتہا فتوحات حاصل ہوں گی۔

یہ عمل انتہائی سخت عمل ہے اور اس کو وہی عامل کرے جو بے انتہا دل گردے والا ہو اور کسی صاحب نظر باکمال بزرگ کی زیر نگرانی بصد احتیاط کرے۔ کیونکہ دوران عمل اس کے موکل عامل کو بہت زیادہ ڈراتے دھمکاتے ہیں۔ اس لئے جو ڈر و خوف رکھتا ہو' اس کے لئے یہی بہتر ہے کہ وہ اس عمل سے باز رہے۔ اس کے تین چلے ہیں۔ تین چلوں کے بعد اس کا ورد ہمیشہ رکھنے سے انشاء اللہ ضروری فتوحات حاصل ہوتی ہیں۔ وہ فتوحات جو کسی دوسرے چلے سے حاصل نہیں ہوتیں۔ مگر ان چلوں کے لئے ترک حیوانات جمالی و جلالی ہر قسم کرنا انتہائی ضروری ہے۔

طریق عمل یہ ہے کہ اول ایک سو گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک سو گیارہ بار سورہ مزمل شریف پڑھ کر سو بار دعا مانگے۔ پھر آخر میں درود شریف ایک سو گیارہ بار پڑھ کر عمل کو مکمل کرے۔ ایک چلہ تک اس طریق سے عمل پڑھتا رہے۔ جب دوسرا چلہ شروع ہو تو صرف سورہ

مزمل شریف کو تعداد ایک سو گیارہ کی بجائے اکیاسی بار پڑھے۔ باقی ورد اسی طرح پڑھے۔ تیسرے چلہ میں سورہ مزمل شریف اکتالیس بار روز پڑھے۔ بقیہ ورد اسی طرح کرے۔ جب تینوں چلوں سے فارغ ہو جائے تو ہمیشہ اپنی ہمت و طاقت کے موافق گیارہ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ بے تحاشا فتوحات غیبی حاصل ہوں گی اور ہوتی رہیں گی۔

یہ عمل بھی اس معاملے میں بے حد نافع اور مفید ہے جو شخص اس عمل کی زکواۃ ایک بار ادا کر کے ہمیشہ اس کا ورد رکھے گا' اس کو وہ لطف حاصل ہو گا کہ بیان سے باہر ہے اور اس کو اس کا خود پتہ چل جائے گا۔

عمل مذکور کے لئے بدھ یا جمعرات عروج ماہ کا روزہ رکھے۔ بعد افطار روزہ کے غسل کرے اور پاک صاف سفید لباس پہن کر خوشبو لگاوے پھر عشاء کی نماز کے بعد مسجد یا حجرہ میں معتکف ہو کر بیٹھ جائے اور اس عمل کو ایک یا دس یا چالیس روز میں پورا کرے۔

اثنائے تلاوت میں پورے طور پر ترک جمالی و جلالی رکھے۔ بجز دال مونگ و نان گندم کے کچھ نہ کھائے۔ چمڑے کے ڈول کا پانی اپنے استعمال میں لائے اور جوں وغیرہ بھی نہ مارے۔ جب عمل پورا ہو' تو دو گانہ نفل ادا کر کے مصلے سے اٹھے اور ایک یا تین مساکین کو کم از کم تین بار کھانا بھی کھلائے اور خود بھی ان کے ہمراہ کھائے۔ بس اس سورہ کا عامل بن

جائے گا۔ بعد میں اس کا ورد ہمیشہ بعد از نماز عشاء یا بعد از فجر اکتالیس بار یا اکیس بار یا کم از کم سات بار جاری رکھے۔ کبھی ناغہ نہ کرے۔ اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو قضا کر کے پڑھ لے۔ غرض اس کو ترک کسی بھی صورت نہ کرے۔ طریق عمل یہ ہے۔

کہ بہ نیت اعتکاف و ادائے نصاب حجرہ یا مسجد میں داخل ہو۔ اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے دو زانو ہو کر اور لوبان جلا کر اکتالیس بار درود شریف تاج پڑھے۔ پھر آیت کریمہ تین سو ساٹھ بار پڑھے۔ بس زکواۃ ادا ہو گئی۔ بعد میں اس طریقے کو ہمیشہ ورد میں رکھے۔ (گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

فتوحات رزق

اس کے لئے نوچندی جمعرات یا بدھ کو پہلے غسل کرے اور پاک صاف لباس پہنے۔ خوشبو لگائے' پھر کوئی ایک جگہ مقرر کرے اور وہاں بعد از مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر اکتالیس بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ بعد میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور نماز عشاء اسی جگہ پڑھ کر مصلے پر سو رہے۔ صبح کو اٹھ کر بغیر کوئی کام کرنے یا کسی سے

بھی کلام کرنے کے ایک بار سورہ مزمل شریف کو پڑھے۔ پھر کھڑا ہو کر اپنے کاروبار میں مشغول ہو جائیں اور سارا دن اپنے آپ کو اپنے کاروبار میں مستغرق رکھے۔ اس طریق سے چالیس روز تک یہ عمل جاری رکھے۔ چالیس روز کے بعد روزانہ صبح کو بعد از نماز فجر سورہ مزمل شریف کو ساٹھ بار پڑھ کر دعا مانگا کرے۔ کبھی ناغہ نہ کرے ورنہ اس کی فتوحات رزق میں کمی ہو جائے گی۔ اس عمل کا نظارہ الٰہی خود ہو جائے گا اور رزق میں بے پناہ اضافہ ہو گا۔

دین و دنیا کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے نئے چاند میں جمعرات یا جمعہ کو ایک بجے اٹھ کر وضو کرے' دو رکعت نماز تحیتہ الوضو پڑھ کر اس کا ثواب روح مقبول رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ کر کے اکیس بار سورہ یاسین اور اکیس بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اکیس بار پڑھ کر ذیل کا نقش ذہن پر لکھے اور مٹا کر دوسرا لکھے۔ اسی طرح اکیس نقش بنا کر لکھے اور مٹائے۔ یہ عمل اکیس روز تک کرے۔ بائیسویں روز یہ نقش اکیس عدد کاغذ پر لکھ کر ان میں بیس نقش کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور ایک اپنے پاس رکھے۔ جب تک یہ نقش پاس رہے گا۔ غیب سے فتوحات دین و دنیا حاصل ہوتی رہیں گی۔ نقش یہ ہے۔

کاف ھایا عین صاد

حامیم عین سین قاف

عمل زکوۃ سورہ مزمل شریف

سورہ مزمل شریف کا عمل زکوۃ درج ہے۔ جس عمل کے لئے بھی زکوۃ کی ادائیگی لازم ہو تو ذیل کے طریق سے زکوۃ ادا کرنے سے حق زکوۃ ادا ہو جائے گا اور پھر مذکورہ عمل شروع کرنا ممکن ہو جائے گا۔

طریق یہ ہے کہ نئے چاند کے پہلے بدھ' جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور بعد نماز عشاء وتروں سے قبل ننگے سر قبلہ رخ کھڑے ہو کر اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر پہلے روز ساٹھ بار' دوسرے روز چالیس بار اور تیسرے روز تیس بار سورہ مزمل شریف پڑھے۔ ہفتہ کے روز علی الصبح تین پاؤ شیرینی لے کر عنداللہ تقسیم کرے۔ یہ اس عمل کی زکوۃ ہے۔

اب اس زکوۃ کے عمل کو ہمیشہ کے لئے قائم رکھنے کا طریق یہ ہے کہ جس کسی عمل کے لئے زکوۃ واجب ہو' تو نئے چاند سے سات روز تک روزانہ صبح بعد از نماز فجر سات بار سورہ مزمل شریف کا ورد اوپر بیان کردہ طریقے کے مطابق سات روز مسلسل کرے پھر اپنا عمل شروع

کرے اور فوائد عجیب دیکھے۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

حصول خزانہ غیب

اگر کوئی خزانہ غیب کے حصول کا خواہاں ہو تو ذیل کا عمل کئی چلے تک کرنا مفید ہے۔

اس کے لئے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار بمعہ سورہ مزمل شریف بیس بار سوتے وقت پڑھا کرے جب بھی اللہ تعالٰی چاہیں گے خزانہ غیب سے نواز دیں گے اس کے لئے شرط اخلاص و عاجزی و انکساری اور گناہوں سے تائب ہونا لازمی ہے۔

حاجت براری کے لئے ذیل کا عمل بھی بیحد مفید ہے۔

اس کے لئے بروز منگل بعد از نماز فجر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور سورہ مزمل شریف ستاون بار پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالٰی سے مانگے انکساری و عاجزی کے ساتھ کیا گیا یہ عمل رائگاں نہ جائے گا اور چند یوم میں مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ یہ عمل تا حصول حاجت روزانہ جاری رکھا جائے۔(گنج فراواں۔ علامہ شاد امرتسری)

کشائش رزق کا عمل

کشائش رزق کے لئے ذیل کا عمل تاثیر کا حامل ہے اس عمل کو

انتہائی خلوص نیت سے شروع کرنا چاہئے۔ انشاء اللہ العزیز چالیس یوم کے اندر اندر اس کے ثمرات سے استفادہ شروع ہو جائے گا جن کی گنتی شمار سے باہر ہے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ کوئی ایک وقت ماسوائے وقت زوال مقرر کر لیں اول و آخر درود شریف اکیس اکیس بار پڑھ کر پھر سورہ مزمل شریف کو شروع کرے شروع کرتے وقت بسم اللہ شریف پڑھ کر تین بار "بحرمت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" پڑھ کر سورہ شریف کو شروع کرے اور ختم کر کے اپنی حاجت وسعت رزق کے لئے مانگے۔ اسی طریقہ پر چالیس یوم بلاناغہ عمل مذکورہ جاری رکھے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا مال و اسباب ہر وقت و جلد سے محفوظ رہے تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اکیاون بار سورہ مزمل شریف پڑھ کر اپنے مال، و اسباب کے چاروں اور دم کرے اور ایک بار سورہ مزمل شریف سفید کاغذ پر لکھ کر مال و اسباب میں رکھ دے اس کی برکت سے مال و اسباب ہر قسم کی آفت و بلا' چوری چکاری سے محفوظ رہے گا۔

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ ہر قسم کے فسق و فجور سے محفوظ

رہے تو اس کے لئے ہر روز بعد نماز عصر قبلہ رخ برہنہ سر کھڑے ہو کر اول و آخر درود پاک اکیس مرتبہ اور درمیان میں سورہ مزمل شریف ایک بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ بفضل تعالیٰ وہ حفاظت الٰہی میں رہے گا اور فسق و فجور سے ہمیشہ کے لئے بچا رہے گا۔(خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

مالی پریشانی کا حل

جو شخص مالی پریشانی میں مبتلا ہو اور اس سے بے حد پریشان رہتا ہو اور کوئی حل اسے نہ سوجھتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر اور بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ' سورہ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا بے حد و حساب پڑھتا رہے۔ جب تھک جائے تو سجدے میں جا کر گڑگڑا کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل سے ہر قسم کی مالی پریشانی سے چھٹکارا مل جائے گا۔ تا حصول مقصد اس عمل کو جاری رکھے۔

دعا یہ ہے۔

یا اللہ یا رزاق بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نماز برائے رزق

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ ہر قسم کی حاجات کے برلانے کے لئے نماز قضائے حاجات انتہائی سریع الاثر ہے خواہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہو اور جس کے حل کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو ذیل کا عمل مفید ترین ہے۔

اس مقصد کے لئے کسی تنہا مکان میں باوضو حالت میں پاک صاف لباس پہن کر اور وضو کر کے چار رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے۔

پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص دس مرتبہ۔

دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص بیس مرتبہ۔

تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تیس مرتبہ۔

چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص چالیس مرتبہ پڑھے بعد از سلام پھیرنے کے اسی جگہ بیٹھ کر سورہ اخلاص پچاس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر ستر مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس کی بدولت اس کی حاجت فوری پوری ہو۔ چند فوائد حسب ذیل ہیں۔

۱۔ اگر اس پر قرض عظیم ہو تو غیب سے اس کی ادائیگی کا سامان ہو۔

۲۔ اگر وطن سے دور ہو تو اللہ تعالیٰ بخیریت وطن واپس پہنچائے۔

۳۔ اگر آسمان کے برابر گناہ رکھتا ہو اور استغفار بھی ساتھ میں پڑھے اللہ اس کے گناہ اسی وقت بخش دے۔

۴۔ جو اولاد نہ رکھتا ہو اللہ اسے اولاد نرینہ سے نوازے۔

۵۔ اگر دشمنوں سے پناہ اور حفاظت چاہتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی امان میں رکھے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص باوجود کوشش بسیار کے وساوس قلب سے چھٹکارا نہ حاصل کر سکا ہو۔ تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں بعد از ہر نماز سورہ معوذتین سات بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ چند یوم کے عمل سے وساوس قلب سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا مل جائے گا۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

سورہ اخلاص کا عمل خاص

حل مشکلات کے لئے ایک انتہائی پر تاثیر عمل ہے جس سے نہ

صرف پریشانیاں ختم ہوتی ہیں ہر قسم کی مشکلات حل ہوتی ہیں بلکہ فرحت قلبی کے ساتھ ساتھ ایسے حیرت انگیز مناظر بھی نظر آتے ہیں جن سے دل و نظر کو ہٹانے پر دل نہیں چاہتا مگر اس عمل کے لئے احتیاط سخت لازم ہے اور اس عمل کو بلا کسی صاحب نظر کی اجازت اور زیر نگرانی سے نہیں کرنا چاہیے۔ اس کے لئے اکل حلال اور ترک جمال و جلال دونوں ہی اختیار کرنا ضروری شرائط ہیں۔ نماز پنج وقت اور خلوت و تنہائی مسلسل کی ضرورت ہے صبح کو روزہ صرف بھنے ہوئے چنوں یا جو کی روٹی سے رکھے اور اسی سے شام کو روزہ افطار کرے۔ پندرہ دن کے اس عمل میں بے حد محتاط رہنا ضروری ہے اور اس کا ورد چھ ہزار بار بہ طریق ذیل پڑھنا لازمی ہے۔

طریق یہ ہے کہ چار سو مرتبہ دن رات میں سورہ اخلاص کو اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ فارغ اوقات میں مسلسل استغفار پڑھے یا پھر آرام کرے۔ بے کار گفتگو یا مشغلے میں وقت نہ گذارے۔ ہر روز تازہ غسل کرے' پاک کپڑے پہنے' خوشبو لگائے اگر قضائے حاجات کے لئے پڑھے تو دن رات میں چھ سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنا لازمی ہے۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

رزق میں برکت

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں برکت ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ ہر نماز کے بعد روزانہ اکتالیس مرتبہ سورہ اخلاص مع اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت جس کام میں بھی ہاتھ ڈالے گا اسے کامیابی نصیب ہو گی۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

فراخی رزق کا عمل

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ پروردگار عالم اس کے رزق میں فراخی پیدا فرمائے تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از فراغت نماز مغرب بارہ رکعت نماز نفل بہ نیت فراخی رزق دو دو کر کے اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور بعد از فراغت نماز نوافل اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصود کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اکیس یوم بلا ناغہ عمل سے مقصود حاصل ہو گا اور رزق میں فراخی اور وسعت پیدا ہونا شروع ہو جائے گی۔ اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے سے کبھی بھی محتاجگی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز

گردیزی)

مفلسی سے نجات

جو شخص سورہ اخلاص کا ورد انتہائی کثرت سے باوضو حالت میں اٹھتے بیٹھتے کرتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ مفلسی سے ہمیشہ کے لئے نجات پاکر رزق اور دولت کی فراوانی میں کھیلے گا۔(خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

فراخی رزق کا خاص عمل

یہ فراخی رزق کے لئے بے حد اکسیر عمل ہے۔ حاجت خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو اس عمل سے پوری ہو جاتی ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ایک جگہ بیٹھ کر تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ پھر تین بار سورہ فلق پڑھنے کے بعد تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر سات مرتبہ دعا مانگے۔

پھر درود شریف پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ آمین کہے اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ کے حضور عاجزی و انکساری سے دعا مانگے جو بھی جائز حاجت ہو گی انشاء اللہ وہ پوری ہو جائے گی۔(خزینہ اعمال۔ علامہ

نواز گردیزی)

گھر میں خیر و برکت کے لئے

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے گھر میں خیر و برکت ہو اور وہ ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر سورہ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھنے کا اپنا معمول بنا لے۔ انشاء اللہ اس عمل سے گھر میں خیر و برکت ہو گی۔ ہر شر سے گھر والے محفوظ و مامون رہیں گے۔

قضائے حاجت کے لئے یہ عمل حضرت نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ کا عطیہ ہے جو انہیں حضرت خواجہ خضر علیہ السلام نے عنایت فرمایا تھا۔ یہ نہایت مجرب اور اکسیر عمل ہے اور ہر جائز حاجت روائی کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے انتہائی صمیم قلب کے ساتھ شب جمعہ کو دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ بعد از سلام پھیرنے کے سجدے میں گڑگڑا کر دس مرتبہ درود پاک اور دس مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اور اس کے۔

بعد دعا مانگے اور اپنی حاجت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بیان کرے پھر ایک ہزار مرتبہ یا رب کہہ کر اپنا سر سجدے سے اٹھائے انشاء اللہ ہر جائز حاجت بفضل باری تعالیٰ پوری ہو گی۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

غربت و افلاس کا علاج

جو کوئی حد سے زیادہ غریب ہو اور افلاس سے کسی بھی صورت نجات نہ ملتی ہو اور اس کی یہ خواہش ہو کہ وہ اس غربت بھری زندگی سے امارت بھری زندگی کی طرف لوٹ آئے اور رزق کی تنگی نہ رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنا چہرہ آسمان کی طرف کر کے پھونک مارے تو پروردگار عالم اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا۔

اس کی عمر دراز ہو گی۔

مال عطا فرمائے گا۔

اولاد کی نعمت سے سرفراز کرے گا اور آخرت میں بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمائے گا۔

حضرت عبداللہ بن خسیب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جو شخص صبح و شام تین

تین مرتبہ سورہ اخلاص اور معوذتین بمعہ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ ہر چیز میں اس کی کفایت فرمادیں گے۔(خزینہ اعمال۔علامہ نواز گردیزی)

رزق میں اضافہ

اگر کسی کا کاروبار سخت مندے کا شکار ہو اور رزق میں کمی واقع ہو گئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر قمری مہینے کی پندرھویں شب کو دو رکعت نماز نفل بہ طریق ذیل ادا کرنے کا معمول بنالے جس میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھ کر اور سلام پھیرنے کے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کے باقاعدہ معمول سے زندگی بھر رزق میں کمی اور کاروبار میں مندے کا رجحان نہیں رہے گا۔

اگر کسی کے گھر میں مال و دولت کے چوری ہونے یا ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بارہ کنکریاں پاک صاف لے کر ہر کنکری پر بارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس مال میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی

بدولت وہ مال و دولت محفوظ رہے گا اور کسی بھی قسم کا نقصان نہ ہو گا۔(خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

وسعت رزق کے لئے

رزق میں وسعت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز مغرب چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد اللہ رب العزت کے حضور عاجزی سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی مداومت سے رزق میں وسعت پیدا ہو کر تنگی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔

وساوس قلب سے حفاظت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد تیرہ مرتبہ سورہ فلق بمعہ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر اپنے دل پر پھونک لگایا کرے۔ انشاء اللہ وساوس قلب سے مکمل نجات مل جائے گی۔(خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

تنگدستی کا زود اثر علاج

جو شخص تنگدست ہو اور اس سے نجات کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو

ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر سورہ اخلاص اکیس مرتبہ۔ بعد از نماز ظہر سورہ اخلاص بائیس معرتبہ۔ بعد از نماز عصر سورہ اخلاص تیئس مرتبہ۔ بعد از نماز مغرب سورہ اخلاص چوبیس مرتبہ اور بعد نماز عشاء سورہ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے ہربار اتنی ہی تعداد میں اول و آخر درود شریف تاج بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی ہیشگی سے تنگدستی ہمیشہ کے لئے دور ہو کر امارت مل جائے گی اور کبھی بھی تنگدستی نزدیک نہ آئے گی۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

برائے وسعت عیش

جائز وسعت عیش کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سورہ قدر۔ سورہ کافردن اور سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نئے کپڑوں پر چھڑک کر وہ کپڑے پہنے جب تک یہ کپڑا اس کے جسم پر استعمال رہے گا وہ گھریلو زندگی میں عیش میں رہے گا۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

تونگری اور غنا

جو شخص مال و دولت دنیا اور تونگری کی خواہش رکھتا ہو تو ذیل کا عمل

کرے۔

اس مقصد کے لئے ماہ صفر کے آخری بدھ کے دن سورہ الم نشرح۔ سورہ التین۔ سورہ النصر اور سورہ اخلاص بمعہ اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے مال و دولت دنیا سے غنی اور تونگر ہو جائے گا۔

قضائے حاجت کے لئے یہ عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے سورہ اخلاص ایک ہزار مرتبہ اول و آخر درود شریف ایک سو ایک مرتبہ بعد از نماز عشاء پڑھنے والی کی کوئی بھی حاجت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے باقی نہیں رہ جاتی۔ یہ عمل خلوص نیت کے ساتھ پچیس یوم تک لازما" کرنا ہے۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

تنگ دستی اور مفلسی سے نجات

جو شخص تنگ دستی کے ہاتھوں فاقوں پر مجبور ہو تو ایسے میں ذیل کے عمل سے اس سے نجات پالے گا اور دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانے سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے یا صمد روزانہ بعد از نماز فجر ایک ہزار تین مرتبہ پڑھا کرے اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھے۔ (خزینہ

اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

ہر مشکل کا حل

جب کوئی اہم اور سخت مشکل سر پر آن پڑے اور اس کی کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بدھ 'جمعرات' جمعہ تین دن کے روزے رکھے۔ پھر جمعہ کے دن تازہ غسل کر کے پاک صاف لباس پہن کر باوضو حالت میں گھر کی سب سے اونچی جگہ پر چڑھ کر ننگے آسمان تلے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے اور پھر وہیں کھڑا ہو کر اپنے ہاتھ آسمان کی طرف اتنے بلند کرے کہ وہ کندھے سے اوپر اٹھ جائیں پھر انتہائی خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ کے حضور دعا ذیل مانگے۔ یہ دعا تین مرتبہ مانگے۔

"اے اللہ! میں تیری واحدانیت اور صمدیت کو جان کر تیرے میدان میں نکل آیا ہوں۔ میری احتیاج پوری کرنے پر تیرے سوا کوئی قادر نہیں ہے۔ اے رب تیری نعمتوں نے جب مجھے پیٹھ دکھائی تو میری احتیاج نہایت شدید ہو گئی اور مجھے غم نے آلیا۔ (یہاں اپنی ضرورت کا نام لے)

اور تو ہی اس کا دفع کرنا جانتا ہے بغیر کسی اور کی مدد کے۔ تو ہی کشادگی دے سکتا ہے بغیر تکلیف کے۔ میں سوال کرتا ہوں تیرے اس چھپے ہوئے نام کے طفیل جس کو تو نے پہاڑوں پر رکھا تو وہ چور چور ہو گئے۔ آسمان پر رکھا تو وہ شق ہو گیا۔ ستاروں پر رکھا تو وہ بکھر گئے۔ زمین پر رکھا تو وہ مسطح ہو گئی۔ رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی آل پر اور میری حاجت کو پورا فرما اور میری مشکل کو آسان کر دے۔ اس مہم میں میری کفایت فرما۔ اگر تو ایسا کرے تو تیری تعریف ہے اور اگر نہ کرے تو بھی تیری تعریف ہے۔ تیرے حکم میں کسی کا اجارہ نہیں۔ تیری قدرت پر کوئی الزام نہیں دھر سکتا اور تیرے عدل پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتا۔"

انشاء اللہ حاجت یا مشکل کیسی ہی کیوں نہ ہو بہ فضل ایزدی پوری ہو گی۔ (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

سختی سے نجات

جس کسی پر سختی نازل ہوئی ہو اور وہ اپنی غلطیوں اور گناہوں کی وجہ سے سخت عذاب میں مبتلا ہو تو اس کے رفع کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا عطیہ یہ عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے پاک صاف ہو کر رات کو دو رکعت نماز نفل اس

طریق سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک ہزار مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر سلام پھیرے۔ پھر درود شریف کثرت سے پڑھ کر ذیل کی دعا تین مرتبہ مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل سے ہر قسم کی سختی دور ہو جائے گی۔

"اے اللہ! کہ تجھے آنکھ نہیں دیکھ سکتی اور نہ گمان پا سکتے ہیں۔ اے وہ جس کی تعریف سے تعریف کرنے والے عاجز ہیں۔ اے وہ جس کو زمانے کے انقلابات متغیر نہیں کر سکے۔ اے وہ جس کو مصیبتوں کا خوف نہیں' جو موت کبھی نہیں چکھے گا۔ جس کو فوت ہونے کا کبھی اندیشہ نہیں۔ اے وہ جس کو گناہ کرنے والوں کے گناہ ضرر نہیں پہنچا سکتے اور نہ بخشش کرنے سے اس میں کوئی نقص پیدا ہو سکتا ہے۔ اے وہ جو پہاڑوں کے وزن کو اور سمندروں کے پانی کے ناپ کو اور بارش کے قطروں کو اور درختوں کے پتوں کو اور چیونٹی کے کھسکنے کو جانتا ہے اور نہ اس سے آسمان و زمین اپنے کو چھپا سکتے ہیں اور نہ سمندر اس سے اپنی گہرائی کی کوئی چیز چھپا سکتا ہے اور نہ پہاڑ اپنے غاروں کے اندر کوئی شے چھپا سکتا ہے۔ آنکھوں کی چوری کو جانتا ہے اور ان کو بھی جو سینوں میں پوشیدہ ہیں اور جن جن چیزوں پر دن کی روشنی چمکی ان کو بھی جانتا ہے۔ تیرے

اس نام کے صدقے جو خزانے میں محفوظ اور پوشیدہ ہے' جو تیرے علم غیب میں ہے جس کو تو نے خاص اپنے لئے مخصوص کیا ہے اور اس سے تو نے اپنے نام کو مشتق کیا ہے۔ بے شک تو ہی اللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو ایک ہے۔ کوئی تیرا شریک نہیں اور تیرے اس نام کے صدقے جس کے وسیلے سے میں دعا کروں تو قبول کیا جاؤں' سوال کروں تو دیا جاؤں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں طفیل میں تیرے انبیاء کے اور مرسلین کے اور طفیل میں تیرے عرش اٹھانے والوں کے اور طفیل میں تیرے مقرب فرشتوں کے اور طفیل میں تیرے جبرئیل و میکائیل و اسرافیل کے' بطفیل محمد ﷺ اور ان کی آل واصحاب کے اور ان کی عزت کے۔ رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی آل پر۔ میری عمر کے آخری زمانہ کو بہترین زمانہ فرما اور آخری اعمال کو بہترین اعمال کر دے اور میں تیری مغفرت اور رضا کا سائل ہوں۔ مجھے میری اس تنگی داماں سے نکال دے۔ رحم فرما۔ رحم فرما اے ارحم الراحمین بحق لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ﷺ۔" (خزینہ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

عسرت سے نجات

جب کوئی شخص انتہائی عسرت میں اپنے گناہوں یا غلطیوں کی وجہ

مبتلا ہو گیا ہو تو ذیل کا عمل نافع ہے جو حضرت ابو عبداللہ رضی اللہ عنہ کا عطا کردہ ہے۔

اس مقصد کے لئے بوقت زوال دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ اول رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک مرتبہ' سورہ فتح گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک مرتبہ اور سورہ الم نشرح ایک مرتبہ پڑھ کر نماز سے فارغ ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور یوں تین مرتبہ دعا مانگے۔ دعا میں آہ و زاری اختیار کرے۔

"اے غنی و بے پرواہ' اے بہت احسان کرنے والے' اے واحد اے کریم' میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کے ذریعہ اپنے پروردگار اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار اور ہر شے کے پروردگار کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں کہ تو رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے آل و اصحاب پر اور اپنے فیوض سے مجھے فیض پہنچا اور میں تجھ سے کشادگی' آسانی اور وسیع رزق مانگتا ہوں' جن سے میں اپنی پراگندگی دور کروں اور اپنے قرض کو ادا کروں اور اپنے بال بچوں کی مدد کروں۔ یہ سب اپنے فضل و کرم سے عطا فرما۔ اے سب سے زیادہ

رحم فرمانے والے۔ رحم فرما۔ رحم فرما بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم" (خزینۂ اعمال۔ علامہ نواز گردیزی)

فراخی رزق کے واسطے

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورہ رحمان پانچ بار اور عشاء کی نماز کے بعد گیارہ بار پڑھے اور اپنے مقصد کے لئے اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ چالیس دن کے اندر اندر اس عمل کی برکت سے مطلوبہ مقصد حل ہو جائے گا اور حاجت روائی کی سبیل نکل آئے گی۔ (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

غربت سے نجات

جو کوئی غربت کی وجہ سے تنگ ہو اور فقرو فاقہ کا شکار ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی حالت زار تبدیل ہو جائے اور اس کی روزی میں وسعت کے اسباب پیدا ہو جائیں اور اسے کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر اور ہر نماز کے بعد سورہ رحمان کی کثرت سے تلاوت کیا کرے۔ اس کے ساتھ اول و آخر درود شریف مرتبہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل کی

برکت سے غربت و تنگدستی ختم ہو جاتی ہے اور رزق میں وسعت کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے اور خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔ اس عمل کی مدت چالیس یوم بلا ناغہ کم از کم ہے اگر زندگی بھر کرتا رہے تو بے حد و حساب امیر ہو جائے گا اور کبھی بھی غربت نزدیک نہ آئے گی۔

اگر کوئی بڑی سخت مشکل میں پھنس گیا ہو اور اس مشکل سے خلاصی کی کوئی سبیل نہ نظر آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ رحمان اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور دعائے سریانی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی مشکل کے حل کے لئے گڑگڑا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ بہت جلد وہ مشکل غیبی طور پر حل ہو جائے گی۔ اس کے لئے تا حل مشکل عمل روزانہ جاری رکھے۔ ناغہ بالکل نہ کرے۔

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی تمام حاجات وقت معین پر بلا تردد پوری ہو جایا کریں اور اسے کسی کے ہاتھ اپنی جائز حاجت کے لئے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اس عمل کا معمول بنا لینے سے زندگی بھر کسی بھی حاجت براری کے لئے شرمندہ تعبیر نہ ہونا پڑے گا۔

ہر روز بعد از نماز فجر سورہ رحمان سات مرتبہ اول و آخر درود پاک گیارہ

گیارہ مرتبہ اور بعد سات مرتبہ دعائے سریانی پڑھ کر اللہ کے حضور اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگتا رہے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے نظارہ خیر خود بخود ملاحظہ کر لے گا۔ روزانہ کا معمول انتہائی ضروری ہے کبھی بھی ناغہ نہ کرے۔ (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

بندش کاروبار

جس کسی شخص کا کاروبار بوجہ بندش بند ہو چکا ہو یا کسی نے جادو ٹونا کر دیا ہو اور کاروبار میں شدید مندے کا رجحان پیدا ہو جائے اور اس کی وجہ سے چاروں اور سے پریشانی نے گھیر کر لیا ہو تو اس سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر سورہ رحمان تین مرتبہ مع اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کافی زیادہ تعداد میں بنائے اور اس کو اپنی کاروبار والی جگہ پر چاروں کونوں میں چھڑک دے۔

اس کے بعد ذیل کا عمل پڑھے اور اپنی کاروباری جگہ پر چاروں طرف دم کرے۔ انشاء اللہ اکیس روز کے عمل سے بندش کاروبار بالکل ختم ہو جائے گی اور اس پریشانی سے نجات حاصل ہو جائے گی۔ سورہ ہائے مبارکہ یہ ہیں۔

۱۔ سورہ فاتحہ ------- ۷ بار

۲۔ سورہ اخلاص ------- ۷ بار

۳۔ آیت الکرسی ------- ۳۳ بار

۴۔ سورہ رحمان ------- ۷ بار

۵۔ درود پاک اول و آخر ------- گیارہ گیارہ بار

ترقی کاروبار

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے کاروبار میں روز افزوں ترقی ہو اور گاہکوں کا ہجوم ہر وقت اس کی دکان پر رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد نماز فجر اور عشاء سورہ رحمان تین مرتبہ اور درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کرے اور تصور میں اپنی دکان پر چاروں طرف پھونک دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے کاروبار میں دن بدن اضافہ ہو جائے گا اور اس کو گاہکوں سے فرصت بھی نہیں ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ اس عمل کی مداومت بلاناغہ روزانہ کرتا رہے۔ (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

فراخی کا خاص عمل

سورہ رحمان کا یہ عمل خاص تاثیر کا حامل ہے اور اس خاص اثر والے عمل کی بدولت بہت سے افراد نے بالخصوص تاجر طبقے نے بہت زیادہ فائدہ حاصل کیا ہے۔ اس عمل کے کرنے سے وافر مقدار میں رزق حاصل ہوتا ہے اور رزق میں کبھی کمی نہیں آتی ہے۔ بزرگان کا بھی آزمودہ نسخہ ہے۔ اس کے لئے لازم ہے کہ اس سورہ کو زبانی اچھی طرح حفظ کرلیا جائے تاکہ عمل کرنے میں آسانی رہے۔ طریق عمل یہ ہے کہ ہر روز جب سورج بلند ہو کر ایک نیزے پر آجائے یعنی تپش اچھی طرح دینے لگے اور اس کی دھوپ ہر طرف پھیل جائے تو تب شروع کریں۔ کیونکہ یہ عمل اتنی ہی تیزی سے اپنا اثر دکھائے گا جتنی تیزی سے سورج بلند ہوتا جائے گا کیونکہ سورج کے اندر موجود ریڈیم کی لہریں جس طرح دنیا پر اثر انداز ہوتی ہیں اسی طرح اس کے اندر موجود اللہ کے خاص نور کی لہریں اپنا عمل شروع کردیتی ہیں اور جس دن بادل چھائے ہوئے ہوں اس دن اثر کم ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کو شروع کرنے سے پہلے اس دن کا انتخاب کریں جب بادلوں کا امکان بالکل نہ ہو۔

جب سورج ایک نیزہ بلند ہو جائے اور اس کی کرنیں اچھی طرح

پھیل جائیں تو سورج کے سامنے باوضو حالت میں منہ کر کے سورہ رحمان کو پڑھنا شروع کریں۔ جب آیت مبارکہ فبای آلاء ربکما تکذبن پر پہنچیں تو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے سورج کی طرف ایک اشارہ کریں اس طرح ہر مرتبہ اس آیت پر دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے سورج کی طرف اشارہ کرتا جائے یہاں تک کہ سورہ رحمان ختم ہو جائے۔

یہ عمل زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔ سات یوم تک اس عمل کے کرنے سے مخلوق خدا کی آمد شروع ہو جاتی ہے۔ مگر اس عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ اس دوران کسی کی طرف بھی اپنا التفات ظاہر نہ کرے اور ہر ایک گاہک سے خوش اسلوبی سے پیش آئے پھر اس کو بلا ناغہ روز کرتے ہوئے چالیس یوم میں اس کا ایک چلہ پورا کرے اس چلہ سے کاروبار میں بے حد ترقی ہو جائے گی۔ عام گاہکوں کا ہجوم لگ جائے گا۔ اس کے بعد دوسرا چلہ شروع کرے اس چلہ کے دوران امراء کا ہجوم بھی دکان پر شروع ہو جائے گا۔ پھر تیسرا مرحلہ کرے۔ اس چلے کے دوران حکام اور سرکاری عہدے داروں کا بھی ہجوم شروع ہو جائے گا اور خریداری گاہکوں کی بے پناہ بڑھ جائے گی روزگار کے مواقع وسیع تر ہوں گے اور ہر فرد اس کے حکم کی تعمیل کرے گا اور اس کا کوئی بھی کام رکا

نہیں رہے گا۔

اسی طرح اگر کوئی کسی سخت مشکل میں گرفتار ہو اور اس سے چھٹکارا چاہتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورہ رحمان مع بسم اللہ شریف لکھے۔ اس پر خوشبو لگا کر تین مرتبہ سورہ رحمان پڑھ کر دم کرے اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ دے۔ اس کی برکت سے اس کے کام میں حائل رکاوٹ دور ہو جائے گی اور مشکل بہ فضل ایزدی حل ہو جائے گی۔ (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

کشائش رزق کا خاص عمل

جو کوئی کسی بھی سخت حاجت کی وجہ سے پریشان اور غمزدہ ہو اور اس کے پورا ہونے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو بزرگان دین کا ذیل کا عمل بے حد پر تاثیر اور مجرب ہے جس طرح نشانچی کا نشانہ کبھی خطا نہیں جاتا۔ اس طرح یہ عمل بھی کبھی خالی نہیں گیا۔

اس مقصد کے لئے بعد از غسل پاک صاف ہو کر باوضو حالت میں ایک نشست میں ختم قرآن مجید کی نیت سے قرآن پاک کی تلاوت اس

طرح شروع کرے۔

۱۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ۔

۲۔ جمعہ کے روز سے قرآن پاک کی تلاوت شروع کرے اور اس دن سورہ بقرہ سے لے کر سورہ مائدہ کے آخر تک۔

۳۔ ہفتہ کے روز سورہ انعام سے لے کر سورہ توبہ کے آخر تک۔

۴۔ اتوار کے روز سورہ یونس سے لے کر سورہ مریم کے آخر تک۔

۵۔ پیر کے روز سورہ طٰہٰ سے لے کر سورہ قصص کے آخر تک۔

۶۔ منگل کے روز سورہ عنکبوت سے لے کر سورہ ص کے آخر تک۔

۷۔ بدھ کے روز سورہ زمر سے لے کر سورہ رحمان کے آخر تک۔

۸۔ جمعرات کے روز سورہ واقعہ سے لے کر آخیر قرآن تک۔

پھر سجدے میں جا کر گڑگڑا کر اپنے مقصد کے لئے اللہ رب العزت سے دعا مانگے انشاء اللہ حاجت کیسی ہی کیوں نہ ہو فوراً" پوری ہو جائے گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

وسعت رزق کے لئے

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو
• تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے روزانہ صبح و رات کو بعد از نماز فجر اور نماز عشاء تین بار سورہ رحمان اور سات بار سورہ مزمل اور اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اپنے مقصود کے لئے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے رزق میں بے حد اضافہ ہو جائے گا اور کبھی بھی کمی نہیں آئے گی۔

اسی طرح کیسی ہی ضرورت اور حاجت کیوں نہ ہو اور حل ہوتی نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس عمل کے لئے نئے چاند کی تین تاریخ کو ایک وقت مقررہ پر ۵۷ مرتبہ سورہ رحمان اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے ہر روز مقررہ وقت تک سات یوم تک یہ عمل بلا ناغہ کرے انشاء اللہ وہ حاجت پوری ہو گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

بندش کاروبار

کسی وجہ سے کاروبار میں بندش ہو جائے تو ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے اس کے لئے ہر روز صبح کو بعد از نماز فجر سورہ رحمان تین مرتبہ اول و آخر درود پاک تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر سجدے میں گڑگڑا کر مالک ارض و سما کے آگے اپنی التجاء کرے اور دکان کا تصور کر کے پھونک

لگائے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بندش مکمل طور پر ختم ہو جائے گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

زراعت میں برکت کے لئے

اگر کسی کسان کی فصل اچھی نہ ہوتی ہو یا کیڑے وغیرہ اس کی فصل کو کافی نقصان پہنچاتے ہوں جس کی وجہ سے وہ بے حد پریشان حال رہتا ہو کوئی بھی حربہ کارگر نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بہت ہی زیادہ منافع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر سورہ رحمان اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور کھیت کے چاروں کونوں میں پاکیزہ جگہ پر چھڑک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب فصل تیار ہو گی۔ اگر پھلدار درخت ہیں تو ان کی جڑوں میں ڈال دے بفضل باری تعالیٰ پہلے سے زیادہ پھل لگیں گے اور ہر طرح سے کیڑوں مکوڑوں سے کھیتی اور درخت محفوظ و مامون رہیں گے۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

وسعت رزق کے لئے

وسعت رزق کے لئے ذیل کا عمل انتہائی نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز تہجد کے وقت اٹھ کر غسل کرے۔ وضو کر کے پاک صاف لباس پہن کر خوشبو لگائے پھر بعد از نماز تہجد سورہ رحمان اکیس مرتبہ اول و آخر اکتالیس اکتالیس بار درود شریف پڑھ کر اللہ رب العزت سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل پر مداومت کی بدولت اس کے رزق میں اضافہ ذات باری تعالیٰ فرمادیں گے اور کبھی بھی کمی نہ آئے گی۔ اس عمل کو چالیس یوم تک بلاناغہ کرنا ہے۔

جو شخص اس بات کا آرزومند ہو کہ ہر وقت اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول ہوتا رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بزرگان سلف نے تجویز کیا ہے اور نفع بخش قرار دیا ہے۔ اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند کی پہلی جمعرات کو بعد از نماز عشاء قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو اکیس مرتبہ سورہ رحمان اول و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ درود شریف ہزارہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے حصول کے لئے عاجزی و انکساری سے دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت پورا مہینہ نزول رحمت الٰہی ہوتا رہے گا۔

یہ عمل ہر ماہ چاند کی پہلی جمعرات کو لازماً کیا کرے۔ اس سے تازندگی نزول رحمت ربی سے مستفید ہوتا رہے گا۔ (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

غربت دور

جو شخص انتہائی غربت اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہا ہو اور اس سے راہ نجات اس کو نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ رحمان۔ ایک مرتبہ سورہ مزمل اور تین مرتبہ درود تاج پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ پھر رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ سورہ رحمان۔ تین مرتبہ سورہ مزمل اور سات مرتبہ ذیل کی دعا پڑھ کر اللہ کے حضور عاجزی و انکساری سے گڑگڑا کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے خزانہ غیب سے غربت کی دوری اور معاشی تنگی کا بندوبست ہو جائے گا اور اس عمل کی بلا تعین مدت کی مداومت سے غربت' امارت میں بدل جائے گی اور زندگی کی ساری کلفتیں دور ہو جائیں گی۔

اسی طرح ہر قسم کی حاجت روائی کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ رحمان اول و آخر درود شریف سات سات بار پڑھ کر اپنے لئے رزق کی دعا سات مرتبہ

مانگ کر رب العزت کے حضور سجدہ ریز ہوا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ گیارہ یوم تک اس عمل کو جاری رکھیں۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنویؒ)

تباہی کاروبار کی روک تھام

جس کسی کا کاروبار کسی بھی وجہ سے تباہی سے دو چار ہو رہا ہو اور روک تھام کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد کار آمد اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کی پہلی جمعرات کو بعد از نماز تہجد اپنے گھر یا مسجد کے کسی کونے میں قبلہ رخ باوضو بیٹھ کر سورہ رحمان ۳۳ مرتبہ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس دوران کسی سے کلام بالکل نہ کرے۔ کوئی شخص بھی پاس نہ ہو بلکہ تنہائی ہو۔ پھر اپنی کاروبار والی جگہ کا تصور کر کے پھونک لگائے اور اسی وقت پانی بھی دم کرے اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں گڑگڑا کر اپنے کاروبار میں استحکام اور ترقی کے لئے دعا مانگے۔ صبح کو یہ پانی دکان یا کاروبار والی جگہ پر چھڑک دے۔ انشاء اللہ چالیس یوم کے مسلسل عمل سے ٹھپ ہوتا ہوا کاروبار پھر تیزی سے ترقی کی منازل طے کرے گا اور پھر سے رزق کی

فراوانی ہو جائے گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

حل مشکلات

کسی بھی مشکل کے حل کے لئے بعد از نماز فجر ذیل کا عمل بہت ہی نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر سے طلوع آفتاب تک قبلہ رخ بیٹھ کر سورہ رحمان ۷ بار پڑھے۔ پھر قدرے توقف کرے اور بعد از طلوع آفتاب نماز اشراق کے چار نوافل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ' سورہ رحمان ایک مرتبہ پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر ایک سو بار درود شریف پنجگانہ پڑھے پھر ایک بار سورہ رحمان پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے اللہ کے حضور دعا کرے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ حاجت خزانہ غیب سے پوری ہو گی اور مزید مشکل باقی نہ رہے گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

مشکلات کے لئے اکسیر اعظم

سورہ رحمان کا یہ عمل دینی دنیاوی مشکلات کے لئے ایک بے انتہا نافع اور اکسیر اعظم عمل ہے۔ اس کی بدولت ہر قسم کی مشکلات حل ہو جاتی ہیں اور اس کے لئے لازم ہے کہ سورہ رحمان اور دعائے ذیل کو زبانی

یاد کرلیا جائے تاکہ عمل میں کوئی رکاوٹ نہ رہے۔

اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ انشاء اللہ سات سے اکیس یوم کے اندر اندر مقصود حاصل ہو گا۔ اس کے لئے اکل حلال اختیار کرنا ضروری ہے اور امور شرعیہ کی بھی پابندی بھی لازم ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ اور سورہ رحمان تین مرتبہ پڑھ کر سجدے میں چلا جائے اور سجدہ میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور یوں مانگے۔

"یا الٰہی تو بڑی قدرت والا نگہبان مالک ہے اور بڑی بادشاہی والا ہے۔ پس میری طلب کو پورا فرما۔ تو ہی معبود ہے اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔ تو جبار ہے اور میری طلب کو جانتا ہے۔ تو بندے پر زیادہ رحم کرتا ہے اور ہر چھوٹے بڑے پر تو واحد' صمد اعظم و عظیم ہے۔ زیادہ سخی' زیادہ فریاد رس' قہار ہے۔ تو نافرمان بندوں پر بھی رحم فرماتا ہے۔ میں جاہل ہوں لیکن پھر بھی تجھ سے طلب گار ہوں۔ تو ہی میرے قریب ہے۔ تو ہی بھلائی کرنے والا رؤف الرحیم تمام مخلوق کے لئے واسع اور پکار سننے والا۔ پریشانی دور کرنے والا' مضطرب پر رحم کرنے والا' مخلوق کی مدد کرنے والا' نجات دینے والا' عیب پوش' ستار' غفار الذنوب' تواب' توبہ قبول کرنے والا ہے۔ تیرا مثل کوئی نہیں ہے اور نہ

ہی کوئی ہو سکتا ہے۔ تجھ سے مانگنے والا کبھی خالی نہیں لوٹتا۔ تو ہی سننے والا' نجات دینے والا' دوزخ کی آگ سے محفوظ رکھنے والا' فردوس کا مالک' رزاق' بخشنے والا' غفار' غفور' بے پرواہ' بے نیاز' وہاب' رحمان' احسان کرنے والا' بادشاہوں کا بادشاہ' فنا و بقاء کا مالک' جلدی دینے والا' وعدہ پورا کرنے والا' عرش کے اوپر تدبیر کرنے والا' رب عظیم' اپنے نور سے حضور رسول کریم ﷺ کو پیدا کرنے والا اور ان کی شفاعت قبول کرنے والا ہے۔ پس اپنی رحمت فرما اور میری طلب (یہاں حاجت کا نام لے) قبول فرما۔ قبول فرما۔ رحم فرما۔ رحم فرما۔ رحم فرما بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔" (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

استجاب رزق

جو شخص ہر وقت مشکلات میں گرفتار ہو اور اس کی وجہ سے وہ رزق میں بھی بے حد تنگ رہتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز رات کو بعد از نماز عشاء چار رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمان تین تین مرتبہ پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور دعا برائے وسعت رزق ایک سو گیارہ مرتبہ

اللہ کے حضور دعا مانگے۔

انشاء اللہ چند یوم کے باقاعدہ عمل سے اس سے نجات مل جائے گی۔ اگر نوے روز تک اس عمل کو جاری رکھے تو ہمیشہ کے لئے مشکلات زندگی و رزق سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

رزق کی پریشانی کا حل

اس مقصد کے لئے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمان سات سات مرتبہ پڑھ کر نماز مکمل کرے اور اپنے لئے دعا اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ لا تعداد میں پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ پریشانی کافور ہو جائے گی۔

سخت ترین پریشانی کے لئے ذیل کا عمل بھی نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے چار رکعت نماز نفل رات کو اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمان تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے لئے دعا اکتالیس مرتبہ مانگے۔ اول و آخر درود پاک پنجگانہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تین تا گیارہ روز کے عمل سے پریشانی ختم

ہو جائے گی اور حاجت بفضلہ پردہ غیب سے پوری ہو جائے گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

رزق کے لئے اسم اعظم

جو شخص اسم اعظم جاننا اور اس پر عامل ہونا چاہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اسم حسنٰی یاذوالجلال والاکرام کو باوضو حالت میں کسی سفید کاغذ پر جلی حروف میں لکھوا کر اس پر خوشبو لگائے اور اس کاغذ کو اپنے سامنے رکھ کر پاک و صاف ہو کر روزانہ نئے غسل و وضو کے ساتھ بوقت تہجد دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمان تین تین مرتبہ پڑھے اور پھر اول و آخر درود شریف کشف گیارہ گیارہ مرتبہ اور اس اسم حسنٰی کا روزانہ ورد گیارہ سو مرتبہ رکھے گا تو چالیس یوم کے عمل سے دین و دنیا میں مقام عزت و آبرو اور بزرگی پائے گا۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

فراخی رزق

فراخی رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بوقت چاشت چار رکعت نماز نفل اس طرح

پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمان تین مرتبہ پڑھے اور پھر بعد از سلام پھیرنے کے سجدہ میں جاکر اسم حسنٰی یا وہاب یا ذوالجلال والاکرام ایک سو چار مرتبہ پڑھے۔ ہر مہینے میں سات دن یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ ساری عمر رزق میں تنگی و ترشی نہ رہے گی اور وہ فراخی رزق سے زندگی بسر کرے گا۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنویؒ)

عمل حاجت روائی و رزق

جو شخص بعد ہر نماز اس عمل کی مداومت جاری رکھے گا عجیب و غریب ذریعوں سے رزق اور فوائد حاصل کرے گا اور جس مقصد کو بھی پیش نظر رکھے گا وہی مقصد بہ فضل باری تعالیٰ پورا ہو گا۔

ہر نماز کے بعد آیت الکرسی اس طریق سے پڑھے کہ ہر بار ایک انگلی بند کرے یہ عمل سیدھے ہاتھ کی چھنگلی سے شروع کرے اور الٹے ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کرے۔ جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر سورہ الم نشرح اور سورہ اخلاص تین تین بار اور درود لکھی تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے دم کرے اس کے بعد سورہ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی میم الحمد کی لام میں ملا کر ملمحمد پڑھی جائے اور آمین پڑھ کر ایک انگلی کھول دے۔ اس طرح سورہ فاتحہ دس مرتبہ پڑھ کر

دسوں انگلیاں کھول دے۔ جب ساری انگلیاں کھل جائیں تو اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے پھونک مارے اور اپنے چہرہ اور سارے بدن پر دونوں ہاتھوں کو اچھی طرح پھیر لے۔

محبت اور رزق کے عمل کے واسطے آیت الکرسی کے بعد رزق یا مطلوب کا تصور رکھے۔ عداوت اور بغض کے لئے دشمن کا تصور رکھے۔

جس شخص کے رزق میں کسی بھی وجہ سے بے حد کمی ہو گئی ہو اور باوجودیکہ تردد اور کوشش بسیار کے کمی دور نہ ہوتی ہو۔ تو وسعت رزق کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعرات سے ہر فرض نماز کے بعد بغیر کسی سے کلام کئے آیت الکرسی ایک مرتبہ پڑھ کر درود تاج سات بار' سورہ اخلاص سو مرتبہ' درود شریف اول و آخر تین تین مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک مارے اور اللہ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت رزق میں فراخی شروع ہو جائے گی۔ اکتالیس روز کے عمل سے رزق میں بے انتہا وسعت پیدا ہو جائے گی۔(اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

نماز برائے رزق

اس کے بر لانے کے لئے بہ طریق نماز قضائے حاجت ادا کرے۔
اس عمل سے اس کی حاجت خزانہ غیب سے پوری ہو گی۔
سب سے پہلے غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے۔ وضو کر کے اللہ
کی راہ میں حسب توفیق صدقہ دے۔ پھر بدھ' جمعرات اور جمعہ کا روزہ
رکھے۔ جمعہ کو جامع مسجد میں جا کر بارہ رکعت نماز نفل بہ نیت قضائے
حاجات پڑھے پہلی دس رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ آیت
الکرسی اور آخری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد پچاس مرتبہ سورہ
اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد کثرت سے درود تاج پڑھے۔ یہاں
تک کہ بے حال ہو جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے بصمیم قلب اپنے مقصد کے
لئے گڑگڑا کر دعا مانگے۔ جتنی عاجزی اختیار کرے گا اتنی ہی جلدی مقصد
حل ہو گا۔ (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

عمل حل مشکلات

سخت ترین مشکل میں مبتلا حضرات کے لئے یہ عمل بے حد مفید ہے
اور اس کے عمل سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے۔
اس مقصد کے لئے دو رکعت نماز نفل رات کو اس طریق سے ادا
کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی

پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے آیت الکرسی تین بار اور درود لکھی سات سو بار پڑھ کر یہ دعا مانگے۔

"اے اللہ تو سنتا ہے کلام میرا اور دیکھتا ہے جگہ میری اور جانتا ہے پوشیدہ اور ظاہر میرا۔ نہیں پوشیدہ تجھ پر کوئی چیز میرے کام سے' میں تجھ سے مثل ناامید فقیر کے دعا کرتا ہوں جو مستغیث اور مقرر ہے اپنے گناہ اور تقصیر کا اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے مثل مسکین کے اور گڑگڑاتا ہوں تیری طرف مثل بندے ضعیف گناہ گار حقیر شخص کی طرح گڑگڑا کر جس کی گردن تیری طرف جھک گئی اور اس کے آنسو تیری جناب میں بہ گئے اور اس کا چہرہ جھکا تیرے سامنے اور خاک آلودہ ہوئی ناک اس کی' یہ کہ زندہ کر دے ہمارے دل اور کھول دے ہمارا سینہ اور ہماری کوششوں کو اپنی ذات بزرگ کے لئے خالص کر لے اور کامیابی نے نعیم کی اور ہم کو توفیق دے اپنی رضا کی اور خیر کے ساتھ ہمارا خاتمہ کر کل روز قیامت میں ہم کو ان لوگوں کے ساتھ کر جن پر تو نے انعام کیا ہے۔ نبیوں اور صدیقوں اور شہداء اور نیکوں پر جو اچھے رفیق ہیں اور کافی کر ہم کو ان چیزوں سے جنہوں نے ہم کو فکر میں ڈالا ہے امور دنیا اور آخرت سے اور دنیا کو ہمارے گناہ کے سبب اس کو جو خوف نہیں کرتا اور نہ ہم پر رحم نہیں کرتا اور نفع دے ہم کو ہمارے کانوں اور آنکھوں میں اور ہم کو عمدہ زندگی

دے۔ ہمارے لئے خیر کے در کھول اور رزق دے ہم کو تو بہترین رزق دینے والا ہے اے ہمارے رب بخش ہم کو اور ہمارے بھائیوں کو جنہوں نے سبقت ایمان میں کی اور ہمارے دلوں میں کھوٹ نہ کر۔ اے ہمارے رب بیشک تو مہربان رحم والا ہے رب ہمارے گناہ بخش دے اسراف سے ہم کو بچا اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر ہم کو مدد دے رب ہمارے ' ہم کو دنیا اور آخرت میں نیکی دے اور بچا ہم کو عذاب نار سے۔ آمین آمین آمین۔ بحرمت و بجاہ رحمت للعالمین ' سید المرسلین ﷺ " (اوراق رزق۔ مولانا حامد لکھنوی)

عمل فراخی رزق

رزق میں فراخی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز جمعہ اسی جگہ بیٹھ کر تین مرتبہ آیت الکرسی اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ۔ یا حی یا قیوم تین سو بار پڑھے۔ چند جمعہ کے عمل سے انشاء اللہ غیب سے کشائش رزق کا بندوبست بہ فضل باری تعالیٰ ہو جائے گا۔ (رزق کثیر۔ مولانا جمیل جالندھری)

حصول نعمت و رزق

نقش کشائش رزق

یہ تین نقوش جلد مطلب پورا ہونے اور کشائش رزق کے واسطے سبز کپڑے میں لکھ کر جو شخص استعمال کرے گا اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ک	ا	ف	ی
ی	ف	ا	ک
ا	ک	ف	ی
ف	ی	ک	ا

یہ نقش سبز کپڑے پر لکھ کر اپنا پاس رکھے۔

ف	ت	ا	ح
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

اس نقش کو سبز کپڑے پر لکھ کر دکان یا مکان میں فریم کروا کر مغرب کے رخ لٹکا دے۔

ی	غ	ن
غ	ن	ی
ن	ی	غ

اس نقش کو سبز کپڑے پر لکھ کر اس جگہ رکھے جہاں وہ اپنی آمدنی کے پیسے رکھتا ہے۔ یعنی گلے وغیرہ میں۔

نقشِ عجیب

اس نقش کے طفیل اللہ سے دعا مانگے عجیب بات دیکھے گا اور دنوں میں اس کا رزق کھل جائے گا۔

الْوَكِيْلُ	وَ نِعْمَ	اللّٰهُ	حَسْبُنَا
حَسْبُنَا	اللّٰهُ	وَ نِعْمَ	الْوَكِيْلُ
وَ نِعْمَ	الْوَكِيْلُ	حَسْبُنَا	اللّٰهُ
اللّٰهُ	حَسْبُنَا	الْوَكِيْلُ	وَ نِعْمَ

نقش فراخی رزق

فراخی رزق کے واسطے اس آیت شریفہ کے نقش کی کیفیت یہ ہے کہ سفید کاغذ میں لکھ کر میٹھے انار کی لکڑی میں لٹکا دیا جائے اور ہر نماز

سے پیچھے نو سو پچاس مرتبہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ اس پر پڑھی جائے۔

اس کے پڑھتے وقت لوبان کی دھونی دے یہاں تک کہ خاتم یعنی (نقش) کو حرکت ہو اور بہت زور سے دورہ کرے اس وقت تجھ معلوم ہو جائے کہ ارواح تیرے پاس حاضر ہو گئیں اور فرمانبردار ہوئیں۔

ان کو حکم دے جو چاہے پھر اُن کو اُن کے حال پر چھوڑ دے پھر اس کاغذ کو لے جس میں نقش ہے اور اُس کو اٹھا کر جس سے رزق کا مطلب ہو اس کے پاس جائے باذن اللہ تعالیٰ جو کچھ تو ارادہ کرے گا وہ پورا ہوگا مگر اخلاص اور ہمت اور کثرتِ عبادت شرط ہے۔

جب طالب میں اہلیت ہوگی اس کے اسباب موجود اور آسان ہوں گے اور اس کی حاجتیں پوری ہوں گی مشکل نہ ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

حَسْبُنَا	اللّٰهُ	وَ نِعْمَ	الْوَكِيْلُ
الْوَكِيْلُ	وَ نِعْمَ	اللّٰهُ	حَسْبُنَا
اللّٰهُ	حَسْبُنَا	الْوَكِيْلُ	وَ نِعْمَ
وَ نِعْمَ	الْوَكِيْلُ	حَسْبُنَا	اللّٰهُ

غیب سے رزق حاصل کرنا

جو شخص ہر رات، کو سوتے وقت چار رکعتیں پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد۔ قل ھواللہ دس بار دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ اخلاص بیس بار تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ اخلاص تیس بار چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ اخلاص چالیس بار ان چاروں رکعتوں میں 100 دفعہ ہوئی۔

پھر فراغت کے بعد استغفار 100 بار اور درود شریف ایک ہزار دفعہ اور حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ایک ہزار دفعہ پڑھے۔

اسی طرح یہ عمل چودہ روز کرے اور ایک تھیلی سفید روئی کی یعنی سفید کپڑے کی تیار کر کے اُس کے اندر اس نقش کو لکھے جو آگے دیا جا رہا ہے اور مصلے کے نیچے رکھے۔

مدت پوری ہونے پر اپنا روزینہ تھیلی میں پائے گا جو روپوں کی شکل میں بھی ہو سکتا ہے اور کسی دھات یعنی سونا چاندی کی صورت میں بھی- جو کچھ ملے آدھا تھیلی میں رکھے اور آدھا نکال کر خرچ کرے۔ مگر شمار نہ کرے۔ اگر تمام دن خرچ کرتا رہے گا تو کم نہ ہوگا۔

ہاں ایک بات کا خیال رکھے کہ جتنا خرچ کرے اس میں اللہ کی راہ میں کم از کم چوتھائی ضرور خرچ کرے۔

جدول مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰
۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱
۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴
۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۱
۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱
۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰	۱۳۰

اس نقش کو مشترک مسدس کہتے ہیں۔ ضلع اربعین سورۃ اخلاص بیت اوّل میں اعداد قل ھو اللہ احد کے 220 ہیں اور بیت ثانی میں اعداد اللہ الصمد 231 ہیں اور بیت ثالث میں اعداد لم یلد 114 ہیں اور بیت رابع میں اعداد ولم یولد 126 اور بیت خامس میں اعداد ولم یکن لہ 191 اور بیت سادس میں اعداد کفوا احد 120 ہیں۔

یہ نقش بزرگ مطلوق ہے یعنی ہر ضلع اس کا 1002 ہے اور جملہ اضلاع کا شمار 8016 ہے۔

ایک اور طریقہ اس نقش عظیم القدر کا یہ ہے کہ چاندی وجہ حلال

سے حاصل کرے اور اس کے دس ٹکڑے کرے۔ ایک کو منہ میں رکھے اور اس پر ایک ہزار مرتبہ سورۂ بزرگ قل ھو اللہ احد پوری پڑھے۔ پھر دوسرے پر اسی طرح تیسرے پر اسی طرح یہاں تک کہ دسوں ٹکڑوں پر پوری دس ہزار ہو جائے گی۔ پھر ہر ایک کو اسی طرح ایک ایک ہزار سورۂ اخلاص پڑھ کر منہ سے نکالتا جائے۔ جو ٹکڑا سب سے پیچھے نکلے اس میں سوراخ کر لے اور اس پر کوئی سبز نشانی لگا دے۔ پھر اس ٹکڑے چاندی کو اور دوسرے دراہم یعنی ٹکڑوں کو ایک تھیلی میں رکھے جس کا ذکر پہلے آیا ہے اور جس میں وہ نقش ہے اور جب کوئی درہم یا روپیہ کہیں سے تیرے پاس آئے تو اسی میں رکھ اور بے شمار خرچ کرتا رہ۔ پھر جب اس میں سے درہم نکالے تو دس سے کم نکالے اور اس کی نگہبانی رکھے کہ وہ ٹکڑا (درہم) جس پر نشانی لگا دی ہے تھیلی سے نکل نہ جائے ورنہ پھر از سرِ نو عمل کرنا ہوگا۔

عمل کشادگی رزق

اور جو شخص اس آیہ شریفہ کا نقش مشک گلاب کے پانی اور زعفران سے لکھے اور اپنے گلے میں لٹکائے تو اس کا رزق بے پناہ فراخ ہو جائے۔

دوسرا فائدہ یہ کہ جو اس کو دیکھے اس سے محبت کرے۔

تیسرا فائدہ یہ کہ اس کے رزق میں کبھی نقصان نہ ہوگا- یعنی آفت ناگہانی سے اس کا مال ضائع نہ ہوگا-

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۵۰۶۲۴	۵۰۶۲۷	۵۰۶۳۲	۵۰۶۱۷
۵۰۶۳۱	۵۰۶۱۸	۵۰۶۲۳	۵۰۶۲۸
۵۰۶۱۹	۵۰۶۳۴	۵۰۶۶۵	۵۰۶۲۲
۵۰۶۲۶	۵۰۶۲۱	۵۰۶۲۰	۵۰۶۳۳

کشادگی رزق کا ایک مجرب عمل

کشادگی رزق کے واسطے اس طرح عمل کرے کہ آیہ شریفہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھے اور ان اسمائے الٰہی کو ان کے اعداد کبیر کے مطابق پڑھنا چاہیے۔

الرزاق۔ الوھاب. الفتاح. الغنی. المعطی

اور اگر یہ مخمس میں لکھے جائیں تو وہ بہت مفید اور لائق ہے اور یہ کسی طالع یا ساعت وغیرہ پر موقوف نہیں ہے اور اسمِ ذات اس کے درمیان میں ہو مع اپنے مطلب کے۔

ذکر کرنا چاہئے ان اسماء کا بہ تعداد دو ہزار چار سو پچاس کے۔
پھر اپنے رزق کے واسطے دعا مانگے۔ جو ارادہ ہو طلب رزق وغیرہ سے
ہر ایک سو پر موافق اپنی غرض اور ضرورت کے۔ اس عمل سے پہلے دو
رکعتیں حاجت رزق کی ضرور پڑھے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴۸۴	۴۹۰	۴۹۶	۵۰۲	۴۷۸
۴۹۷	۴۹۸	۴۷۶	۴۸۵	۴۹۱
۴۸۰	۴۸۶	۴۹۲	۴۹۳	۴۹۹
۴۸۸	۴۹۴	۷۰۰	۴۸۱	۴۸۷
۵۰۱	۴۸۲	۴۸۳	۴۸۹	۴۹۵

اور یہ جدول مخمس ہے اس کو مشک وعنبر کی خوشبوؤں سے بخور
کرنا چاہئے۔ اس کے بعد اس مخمس کو عمامہ یا ٹوپی میں رکھ کر آیت پڑھنی
چاہئے اور ذکر ایسے وقت میں ہو کہ تیرا دل فارغ ہو اور یہ بھی یاد رکھ کہ
ذکر کے آٹھ دن ہیں۔ خدا چاہے اس سے پہلے دعا قبول ہو گی۔

رزق میں وسعت کے لئے

پس جو شخص اسم ھــادی کو لکھے اور نقش بنا کر چاندی کی مفید انگشتری میں رکھے اس کو تمام نیک اعمال کی توفیق ہوگی۔ جس کا رزق بند ہو اس کی گردن میں ڈالنے سے رزق کھل جائے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

ھ	ا	د	ی
د	ا	ھ	ی
ا	د	ی	ھ
ی	ھ	ا	د

ایک اور نقش برائے رزق

اور اگر تو اندھیرے میں جائے اور کہے یَا ھَادِیُ اِھْدِنِیْ پس بلاشبہ تجھ کو رزق کی وسعت کا راستہ ملے گا اور اسمِ خبیر کا جو شخص زیادہ ورد کرے گا جو کچھ چاہے گا عالم میں اس کی خبر پائے گا اس میں کشف اور اطلاع ہے جب اس کو انسان لوہے کی انگشتری میں لکھ کر پہنے اور نقش جمعہ کے دن ہو اور سو جائے تو اس کو خبر مل جائے گی آئندہ کل کی۔

نقش خبیر یہ ہے:

۷۸۶

ر	ی	ب	خ
خ	ب	ی	ر
ی	ر	خ	ب
ب	خ	ر	ی

اللہ سے جو سوال کرے وہ پائے

اسمِ ذوالجلال والاِکرام میں تمام عمدہ اوصاف جمع ہیں۔ پاکی اور بخشش پس جو شخص اس کا نقش سرخ تانبے کی انگشتری پر کندہ کر کے اپنے ہمراہ رکھے گا جو کچھ خدا تعالیٰ سے سوال کرے گا وہ پائے گا۔ چاہے وہ دنیا کی بادشاہت کا سوال ہی کیوں نہ ہو۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

الجَلالِ	وَالاِکرَامِ	ذُو
ذُو	الجَلالِ	وَالاِکرَامِ
وَالاِکرَامِ	ذُو	الجَلالِ